Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد نمبر 17 | اتوار، 24 مئی 2026، 07 ذوالحجہ 1447ھ، صفحات 4، قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 42

مویشی منڈیوں میں صفائی ستھرائی بیوپاریوں اور شہریوں کے لئے غیر معمولی انتظامات کیے گئے ہیں، عظمیٰ بخاری

بہترین صفائی پر انعام اور ستائش جبکہ شکایت پر سزا اور جزا کا عمل ہوگا، کے پی میں کرپشن عروج پر ہے مگر اس پر نہ کوئی یوٹیوبر بولتا ہے اور نہ سوشل میڈیا پر کوئی بات کرتا ہے، عظمیٰ بخاری

1 لاکھ 84 ہزار ورکرز، جدید مانیٹرنگ اور ماحول دوست مہم کے تحت عید آپریشن پلان تیار کیا گیا ہے، شہری خالی پلاٹوں، نالوں یا نہروں میں آلائشیں ہرگز نہ پھینکیں، پچاس ہزار روپے تک جرمانہ ہوسکتا ہے، ذیشان رفیق

ڈی ایچ کیو ہسپتال میں کولنگ یونٹ کا کمپریسر پھٹ گیا

کولنگ سسٹم کا کمپریسر پھٹنے سے 3 افراحماد، اویس اور حماد زخمی ہوئے

راولپنڈی (این ای این) راولپنڈی کے ڈی ایچ کیو اسپتال میں مرمت کے دوران کولنگ یونٹ کا کمپریسر پھٹ گیا۔ ذرائع کے مطابق کمپریسر پھٹنے کا دھماکہ اس قدر شدید تھا کہ آواز دور تک سنی گئی، جبکہ دھماکے کی آواز سے مریضوں میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ (بقیہ نمبر 1)

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی زیر نگرانی اس مرتبہ بھی مویشی منڈیوں کے انتظامات کے لیے بھرپور تیاری کئی ہفتے پہلے ہی شروع کر دی گئی تھی۔ متعلقہ اداروں نے ایک ماہ قبل ہی جامع منصوبہ بندی پر کام شروع کر دیا تھا۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ صوبے بھر میں صرف مخصوص اور منظور (بقیہ نمبر 2)

عیدی کے نام پر پیسے مانگنے والے اہلکاروں کیخلاف مقدمات درج

اہلکاروں کے خلاف دفعہ 155 اور گداگری ایکٹ کے تحت مقدمات درج کیے گئے

لاہور (این ای این) شاہدرہ کے بعد اسلام پورہ میں بھی پولیس اہلکاروں کی جانب سے شہریوں سے عیدی کے نام پر پیسے مانگنے کا انکشاف سامنے آنے پر مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے ایس ڈی پی او اسلام (بقیہ نمبر 3)

چکری روڈ پر غیر قانونی مویشی منڈی کا رائج علاقہ مکین بدبو اور گندگی سے عاجز

الجنت بیکری کے سامنے خالی پلاٹ عارضی منڈی میں تبدیل، انتظامیہ خاموش تماشائی؟

سرکاری منڈی خالی، غیر قانونی بیوپاری سرگرم، دھمیال میں شہریوں کا اداروں پر اعتماد متزلزل

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) چکری روڈ، بالمقابل الجنت بیکری، تھانہ دھمیال کی حدود میں قائم غیر قانونی مویشی منڈی نے شہریوں کا جینا دوبھر کر دیا۔ رات گئے خالی پلاٹ میں بڑی تعداد میں مال مویشی اور بیوپاریوں کی موجودگی (بقیہ نمبر 6)

والٹن لاہور نے عیدالاضحیٰ پر ٹیوب ویل چلانے کے اوقات کار جاری کر دیئے

تمام آپریشنل سٹاف عید کے دنوں میں تین شفٹوں میں 24 گھنٹے ڈیوٹی سرانجام دے گا' اعلامیہ

تمام آپریشنل اسٹاف عید کے دنوں میں تین شفٹوں میں 24 گھنٹے ڈیوٹی سرانجام دے گا

لاہور (این ای این) واٹر اینڈ سینیٹیشن ایجنسی (واسا) لاہور نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر شہریوں کو بلاتعطل پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے ٹیوب ویلز کے اوقات کار جاری کر دیئے۔ اعلامیے کے مطابق (بقیہ نمبر 5)

خاتون انمول نے معاشرے میں زہر پھیلانے کی کوشش کی

ہم صوبے سے منشیات کا خاتمہ کریں گے، سینئر صوبائی وزیر کا حیدرآباد میں تقریب سے خطاب

خواتین کو ٹریننگ، لائسنس اور فری میں اسکوٹی دی جا رہی ہے، پاکستان واحد ملک ہے جہاں مفت میں اسکوٹی دی جا رہی ہے

حیدرآباد (این ای این) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ خاتون انمول نے معاشرے میں زہر پھیلانے کی کوشش کی۔ حیدرآباد میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے (بقیہ نمبر 4)

وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری وزیر بلدیات ذیشان رفیق کے ہمراہ ڈی جی پی آر میں اہم پریس کانفرنس کر رہی ہیں۔

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت ویڈیو لنک اجلاس، عیدالاضحیٰ پر صفائی کے فول پروف انتظامات کا پلان تیار

گلی محلوں میں آلائشیں پھینکنے والوں کو 50 ہزار روپے جرمانے کی منظوری

ممنوع مقامات پر باقیات اور آلائشیں پھینکنے کی روک تھام اور نگرانی کیلئے ویجلینس سکواڈ قائم، عوام کو ممنوعہ مقامات پر باقیات اور آلائشیں پھینکنے سے روکنے کی جامع ابلاغ عامہ مہم کی ہدایت

صوبہ بھر میں عید صفائی آپریشن میں 176000 سینٹری ورکر اور 8 ہزار سے زائد عارضی کارکن حصہ لیں گے 3800 پرائمری کولیکشن سنٹر قائم 3100 ڈمپنگ سائٹس مقرر، 7 ہزار ڈمپنگ پوائنٹس بنیں گے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے گلی محلوں میں آلائشیں پھینکنے والوں کو 50 ہزار روپے جرمانے کی منظوری دے دی۔ ممنوع مقامات پر باقیات اور آلائشیں پھینکنے کی روک تھام اور نگرانی کیلئے ویجلینس سکواڈ قائم کر دیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے عوام کو ممنوعہ مقامات پر باقیات اور آلائشیں پھینکنے سے روکنے کی جامع ابلاغ عامہ مہم کی ہدایت کی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت ویڈیو لنک اجلاس میں عیدالاضحیٰ پر صفائی کے فول پروف انتظامات کا پلان تیار کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ہر شہر میں ڈرین، کینال اور دیگر مقامات کی خصوصی صفائی اور نگرانی کی ہدایت کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے پرائیویٹ (بقیہ نمبر 7)

غیر قانونی مویشی سیل پوائنٹس کیخلاف کریک ڈاؤن ناکام

سرگودھا (این ای این) میونسپل کارپوریشن سرگودھا کے غیر قانونی مویشی سیل پوائنٹس کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے باوجود شہر بھر میں جگہ جگہ قربانی (بقیہ نمبر 21)

کمشنر و چیئرمین تعلیمی بورڈ راولپنڈی انجینئر عامر خٹک کا تعلیمی بورڈ آفس کا دورہ

اداروں کی کامیابی باہمی اعتماد، دیانتداری اور ٹیم ورک سے وابستہ ہوتی ہے

راولپنڈی (حاجی ندیم سے) کمشنر و چیئرمین تعلیمی بورڈ راولپنڈی انجینئر عامر خٹک نے تعلیمی بورڈ راولپنڈی آفس کا دورہ کیا۔ اس موقع پر سیکرٹری تعلیمی بورڈ راولپنڈی امجد اقبال خٹک، کنٹرولر امتحانات تنویر اصغر اعوان، ڈپٹی سیکرٹری شاہ رخ رشید اور پی ایس ٹو چیئرمین محبوب الٰہی، (بقیہ نمبر 22)

پاکستان اور چین کے درمیان صنعتی تعاون اور ٹیکنالوجی منتقلی کے فروغ پر اہم ملاقاتیں

اسٹار چارج گروپ کے ساتھ پاکستان میں جدید ٹیکنالوجی اور توانائی کے شعبے میں تعاون پر تبادلہ خیال ہوا، رانا تنویر حسین

چائنا گلفا گروپ کے ساتھ تعاون سے مقامی مینوفیکچرنگ اور صنعتی ترقی کو فروغ ملے گا، معاون خصوصی برائے صنعت ہارون اختر

اسلام آباد (این ای این) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین اور وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان نے چین کے شہر چانگشو میں پاکستان اور چین کے درمیان صنعتی تعاون، ٹیکنالوجی منتقلی اور سرمایہ کاری کے فروغ کے حوالے سے اہم ملاقاتیں کیں اور مختلف صنعت و ٹیکنالوجی اداروں کا دورہ کیا۔ وزارت صنعت و پیداوار سے جاری اعلامیہ کے مطابق وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے کہا کہ اسٹار چارج گروپ کے ساتھ پاکستان میں جدید ٹیکنالو (بقیہ نمبر 8)

پاکستان اور برطانیہ کے درمیان تعلقات مضبوط

سکیورٹی، تجارت، سرمایہ کاری اور ترقیاتی تعاون کے شعبوں میں اشتراک بڑھانے پر اتفاق

پاکستان اور برطانیہ کے درمیان معاشی تعلقات انتہائی مضبوط ہیں، برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ

اسلام آباد (این ای این) پاکستان عالمی سطح پر سفارتی، اقتصادی اور سٹریٹجک شراکت داریوں کو مزید مضبوط بنانے کیلئے متحرک سفارتی روابط کو فروغ دے رہا ہے، جبکہ پاکستان اور برطانیہ کے درمیان تعلقات کو مزید وسعت دینے کے عزم کا بھی اعادہ کیا گیا ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف اور جوناتھن پاول کے درمیان ہونے والی اہم ملاقات میں (بقیہ نمبر 23)

بلال اظہر کیانی سے مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے وفد کی ملاقات

اسلام آباد (این ای این) وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی سے مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے وفد نے ملاقات کر کے آئندہ بجٹ سے متعلق تجاویز پیش کیں، جبکہ بلال اظہر کیانی نے تاجروں (بقیہ نمبر 24)

اینٹی ڈینگی اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس میں منعقد

ڈینگی کے ممکنہ پھیلاؤ کو روکنے کے لیے تمام ادارے فیلڈ میں متحرک رہیں، حسن وقار چیمہ

راولپنڈی (حاجی ندیم سے) ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر حسن وقار چیمہ اور ممبر قومی اسمبلی طاہرہ اورنگزیب کی زیر صدارت اینٹی ڈینگی اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس میں منعقد ہوا جس میں وفاقیت پارلیمانی سیکرٹری دانیال چوہدری، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ملیحہ سحر، سی ای او ہیلتھ سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع بھر میں جاری انسداد ڈینگی سرگرمیوں، سرویلنس، صفائی ستھرائی اور ہاٹ اسپاٹس پر کیے جانے والے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے (بقیہ نمبر 25)

کمشنر و چیئرمین تعلیمی بورڈ، راولپنڈی انجینئر عامر خٹک کو بورڈ آفس پہنچنے پر ایسوسی ایشن کے صدر عمران یونس گلدستہ پیش کر رہے ہیں سیکرٹری تعلیمی بورڈ راولپنڈی امجد اقبال خٹک اور کنٹرولر امتحانات تنویر اصغر اعوان بھی موجود ہیں

ڈسٹرکٹ جیل نارووال میں قیدیوں کے لیے پلیسمنٹ ٹیسٹ کا انعقاد

لٹریسی ڈیپارٹمنٹ نارووال اور جیل انتظامیہ کے مشترکہ اقدامات

نارووال (این ای این) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے قیدیوں کی تعلیم و تربیت اور اصلاح کے انقلابی وژن (سی ایم پی ایل پی) کے تحت لٹریسی اینڈ نان فارمل بیسک ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ ضلع نارووال کے مکمل اقدامات جاری ہیں۔ ڈسٹرکٹ جیل نارووال میں نئے داخل ہونے والے قیدیوں کی تعلیمی قابلیت اور خواندگی کے معیار کو جانچنے کے لیے پلیسمنٹ ٹیسٹ کا کامیابی سے انعقاد کیا گیا۔ اس سلسلے میں ڈسٹرکٹ (بقیہ نمبر 26)

راولپنڈی، خاتون کو کلہاڑی کے وار سے قتل کر کے جلا دیا گیا، مقدمہ درج

راولپنڈی (این ای این) لیاقت کالونی میں خاتون کو کلہاڑی کے وار سے قتل کرنے کے بعد لاش کو جلا دینے کا افسوسناک واقعہ پیش آیا ہے۔ ملزم نے خاتون کو قتل کرنے کے بعد خودسوزی کی کوشش کی، (بقیہ نمبر 27)

ماڈل کالونی میں نوجوان کی پراسرار خودکشی، دو روز بعد گھر سے لاش برآمد

کراچی (یو این پی) ملیر ماڈل کالونی امیر آباد گلی نمبر ایک میں 32 سالہ نوجوان نے مبینہ طور پر خودکشی کر لی جس کی لاش دو روز بعد گھر کے کمرے سے برآمد ہوئی۔ پولیس ذرائع کے مطابق متوفی کی شناخت (بقیہ نمبر 9)

آر ڈی اے کا اثاثہ جات کے تحفظ اور آمدنی میں اضافے کا نیا منصوبہ

اجلاس کا مقصد آر ڈی اے کی جائیدادوں کو قبضہ مافیا اور غیر قانونی تجاوزات سے بچانا تھا

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) کمشنر راولپنڈی ڈویژن و ڈائریکٹر جنرل آر ڈی اے انجینئر عامر خٹک کی زیر صدارت آر ڈی اے کانفرنس روم میں اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل مسعود احمد، ڈائریکٹر ایڈمن نوشین اسرار، ڈائریکٹر فنانس مسعود صاحب، چیف پلاننر طاہر میو، چیف انجینئر انور برن، ڈائریکٹر اسٹیٹ مینجمنٹ ملیحہ ایسر اور ڈائریکٹر ایل یو اینڈ بی سی افتخار نے شرکت کی۔ اجلاس میں اسٹیٹ مینجمنٹ ڈائریکٹوریٹ کی جانب سے اثاثہ جات کے (بقیہ نمبر 10)

راولپنڈی: سیکرٹری/ چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ حضرت عبدالغنیٰ کے دربار پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں۔ اس موقع پر انہوں نے ملک کے امن، خوشحالی اور استحکام کے لیے خصوصی دعا کی۔ انہوں نے قومی یکجہتی، ہم آہنگی اور پاکستان کی مسلسل ترقی و خوشحالی کے لیے بھی دعا مانگ رہے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر راولپنڈی ڈاکٹر حسن وقار چیمہ اور ممبر قومی اسمبلی طاہرہ اورنگزیب عیدالاضحیٰ کے انتظامات کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

عیدالاضحیٰ کے انتظامات کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد

اجلاس میں عیدالاضحیٰ کے موقع پر سیکورٹی، صفائی ستھرائی و دیگر انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) عیدالاضحیٰ کے انتظامات کے حوالے سے اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر راولپنڈی ڈاکٹر حسن وقار چیمہ اور ممبر قومی اسمبلی طاہرہ اورنگزیب کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات دانیال چوہدری، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ملیحہ سحر، ایم ڈی واسا سمیت متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں عیدالاضحیٰ کے موقع پر سیکورٹی، صفائی ستھرائی، ٹریفک مینجمنٹ، آلائشوں (بقیہ نمبر 20)

اوقاف املاک کے شفاف انتظام اور ادارہ جاتی گورننس کو مزید مضبوط بنانے کے لیے پرعزم

پیشہ ورانہ صلاحیت اور شفافیت کے اصولوں کے تحت محکمہ کی کارکردگی کو مزید بہتر بنایا جائے گا

راولپنڈی (حاجی ندیم سے) سیکرٹری/ چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت اوقاف املاک کے شفاف انتظام، مؤثر نگرانی اور ادارہ جاتی گورننس کو مزید مضبوط بنانے کے لیے پرعزم ہے، تاکہ احتساب، پیشہ ورانہ صلاحیت اور شفافیت کے اصولوں کے تحت محکمہ کی کارکردگی کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار راولپنڈی اوقاف دفتر کے دورے کے موقع پر ایک اعلیٰ سطحی جائزہ اجلا (بقیہ نمبر 19)

مری میں عوام الناس اور سیاحوں کی سہولت کے لئے اضافی نفری تعینات

مری سٹی میں ہیوی گاڑیوں کا داخلہ صبح 7 بجے سے لیکر رات 12 بجے تک مکمل بند ہوگا

راولپنڈی 23 (نمائندہ عوامی للکار) ملکہ کوہسار مری سیاحتی و ماحولیاتی لحاظ سے پاکستان کا ایک خوبصورت اور بہت ہی اہمیت کا حامل شہر ہے جس میں گرمائی سیزن ہو یا برفباری سیزن ملک بھر سے سیاح موسم سے لطف اندوز ہونے کے لئے لاکھوں کی تعداد میں مری کا رخ کرتے ہیں۔ ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب وقاص نذیر کے احکامات کی روشنی میں چیف ٹریفک آفیسر مری منیر احمد ہاشمی نے اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے ضلع مری میں مستقبل قر (بقیہ نمبر 18)

کمشنر و چیئرمین تعلیمی بورڈ، راولپنڈی انجینئر عامر خٹک بورڈ آفس میں 266 ویں بورڈ آف گورنرز اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

کچھوؤں کا عالمی دن ورلڈ ٹرٹل ڈے 23 مئی کو منایا گیا

کچھوا زمین پر پائے جانے والے قدیم ترین جانداروں میں سے ایک ہے

اسلام آباد (این ای این) پاکستان سمیت دنیا بھر میں کچھوؤں کا عالمی دن ورلڈ ٹرٹل ڈے 23 مئی کو منایا گیا۔ اس دن کے منانے کا بنیادی مقصد دنیا بھر میں کچھوؤں کی اہمیت اور ان کے تحفظ کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا تھا اس دن کو منانے کا آغاز 2000 میں ہوا۔ واضح رہے کہ کچھوا، زمین پر پائے جانے والے سب سے قدیم (بقیہ نمبر 17)

سوئی گیس کی لوڈشیڈنگ سے شہری شدید مشکلات سے دوچار

گیس کی بندش سے چولہے ٹھنڈے پڑ گئے

سرگودھا (این ای این) سرگودھا شہر میں صبح سویرے سوئی گیس کی لوڈشیڈنگ نے شہریوں کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا، صبح 8 بجے گیس کی بندش کے باعث گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ گئے اور ناشتہ تیار نہ ہو سکا، جس پر شہریوں نے ہوٹلوں اور ناشتے کی دکانوں کا رخ کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق سرگودھا شہر اور گردونواح میں سوئی گیس کی بندش کا سلسلہ بدستور جاری ہے۔ صبح کے اوقات میں گیس غائب ہو (بقیہ نمبر 16)

حاکم علی زرداری کی 15 ویں برسی آج منائی جائے گی

24 مئی 2011 کو 81 برس کی عمر میں انتقال کر گئے

اسلام آباد (این ای این) صدر پاکستان آصف علی زرداری کے والد حاکم علی زرداری کی 15 ویں برسی 24 مئی کو منائی جائے گی۔ سردار حاکم علی زرداری سابق وزیر اعظم محترمہ بے نظیر بھٹو کے سسر اور وزیر خارجہ بلاول بھٹو کے دادا تھے۔ حاکم علی زرداری اپنے قبیلے کے سردار اور معروف سیاستدان تھے وہ 1965 کے بلدیاتی الیکشن میں نواب شاہ کے ضلعی ناظم منتخب ہوئے بعد ازاں وہ میر پور خاص کے ڈپٹی میئر (بقیہ نمبر 15)

غیر اخلاقی مواد برآمد، سری لنکا جاتے ہوئے مشکوک مسافر زیر حراست

مسافر کے موبائل فون سے آسٹریلیا میں سیاسی پناہ اور ہم جنس پرستی سے متعلق مواد ملا ہے

ایک آسٹریلوی شہری اپریل 2026 میں پاکستان آیا تھا جس سے ہم جنس شادی کا معاہدہ کیا تھا، ملزم کا اعتراف

کراچی (این ای این) امیگریشن حکام نے سری لنکا جاتے ہوئے مشکوک مسافر کو غیر اخلاقی مواد برآمد ہونے پر کراچی ایئرپورٹ سے حراست میں لے لیا۔ اس حوالے سے امیگریشن حکام نے کہا ہے کہ مذکورہ مسافر 2019 میں ایران کے راستے ڈنکی لگا کر یورپ جانے کی کوشش (بقیہ نمبر 11)

کنڈھ کوٹ مال منڈی میں رش

عیدالاضحیٰ کے جانوروں کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں

کنڈھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) کنڈھ کوٹ کی مال منڈی میں عیدالاضحیٰ قریب آتے ہی غیر معمولی رش دیکھنے میں آ رہی ہے، جہاں مختلف علاقوں سے آنے والے بیوپاری موٹے، تندرست اور اچھی نسل کے جانور فروخت کے لیے لے آئے ہیں۔ منڈی (بقیہ نمبر 12)

پروفیسر فاروق افضل کی قیادت میں پی جی ایم آئی میں انقلابی اصلاحات

میرٹ، شفافیت اور جدید سہولیات سے جنرل ہسپتال اور اے ایم سی کا نیا تشخص

سفارشی کلچر کے خاتمے اور زیرو ٹالرنس پالیسی کی بدولت ادارے کے نظم و ضبط میں نمایاں بہتری آئی' اجلاس سے خطاب

لاہور (یو این پی) امیر الدین میڈیکل کالج، پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ اور لاہور جنرل ہسپتال میں گزشتہ ایک سال کے دوران انتظامی، تدریسی اور طبی شعبوں میں جامع انقلابی اصلاحات متعارف کروائی گئی ہیں۔ جن کے مثبت نتائج تیزی سے سامنے آ رہے ہیں۔ پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل نے اپنی بطور پرنسپل (بقیہ نمبر 13)

سیدہ فردوس کی زیر صدارت خواتین کارنر میٹنگ کا انعقاد

اہل علاقہ سے راول فاؤنڈیشن کی ممبر شپ، پارٹی ویژن اور منشور کے بارے گفتگو کی گئی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) این اے-48 کے گنجان آباد علاقے شریف آباد میں پاکستان عوامی قوت کی مرکزی صدر ونگ و ایڈوائزر ٹو چیئرمین سیدہ فردوس نے خواتین کی کارنر میٹنگ کی۔ میٹنگ میں انہوں نے اہل علاقہ سے راول فاؤنڈیشن کی ممبر شپ کے حوالے سے گفتگو کی اور پاکستان عوامی قوت کے چیئرمین خواجہ خاقان وحید کے (بقیہ نمبر 14)

پاکستان عوامی قوت کی مرکزی صدر ونگ و ایڈوائزر ٹو چیئرمین سیدہ فردوس نے خواتین کی کارنر میٹنگ میں اہل علاقہ کو راول فاؤنڈیشن کی ممبر شپ، پارٹی ویژن اور منشور کے بارے میں بریفنگ دے رہی ہے

سوئی ناردرن گیس
Sui Northern Gas
Media Affairs Department
@SNGPLOfficial

گیس بل کا حساب
ایک کلک کے ساتھ

تو بل کیلکولیٹر کریں استعمال

Estimated
بل کیلکولیٹ کرنے کیلئے
www.sngpl.com.pk وزٹ کریں

Bill Estimator میں
صارف نمبر، موجودہ ریڈنگ اور
تاریخ درج کریں اور Submit
کا بٹن کلک کریں

آپ کا گیس بل سکرین پر ظاہر ہو جائے گا

PID(L)3250-D/25

DOWNLOAD CONNECTON APP
SNGPL Connect ON APP
اب آپ کے ذریعے اپنا گیس بل باآسانی جمع کروائیں
گیس بل بذریعہ راست ادائیگی Raast کے لیے بل پر موجود QR کوڈ سکین کریں

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

پائیدار امن کیلئے سفارتی کوششوں میں تیزی

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا ایک ہفتے میں دوسری بار ایران کے دورے پر جانا اس بات کا اظہار ہے کہ پاکستان امریکہ ایران تنازعے کے حل میں کس عزم کے ساتھ سرگرم ہے۔ سفارتی کوششوں میں آنے والی یہ غیر معمولی تیزی ظاہر کرتی ہے کہ تہران اور واشنگٹن کے مابین پس پردہ جاری رابطے حساس مرحلے میں داخل ہو گئے ہیں۔ وزیر داخلہ کا یہ دورہ ایسے وقت میں ہو رہا ہے جب بظاہر ایران اور امریکہ کے مابین حتمی معاہدے کیلئے ڈیڈ لاک برقرار ہے تاہم فریقین کی جانب سے لچک کا فقدان امن کی ہر کوشش کو سبوتاژ کر سکتا ہے اور مشرق وسطی میں ایک نئی ہولناک جنگ کا خطرہ شدت اختیار کر سکتا ہے۔ بین الاقوامی برادری یہ محسوس کر رہی ہے کہ اگر اب کوئی بریک تھرو نہ ہوا تو حالات قابو سے باہر ہو سکتے ہیں۔ ان حالات میں امریکی سینیٹ کی جانب سے ایران جنگ سے متعلق صدر ٹرمپ کے اختیارات محدود کرنے کی قرارداد ایک بڑی پیشرفت ہے۔ امریکی ایوانِ بالا میں 47 کے مقابلے میں 50 ووٹوں سے ایران کی بحری ناکہ بندی ختم کرنے اور امریکی فوج کے انخلا کی قرارداد منظور کی گئی۔ اس قرارداد کے بعد صدر ٹرمپ کیلئے کانگرس کی باضابطہ منظوری کے بغیر جنگ جاری رکھنا غیر قانونی ہوگا۔ اگرچہ وائٹ ہاؤس نے اس قرارداد کے خلاف ویٹو پاور کے استعمال اور صدر ٹرمپ نے ایران کے حوالے سے اسرائیلی وزیراعظم کے ساتھ ایک پیج پر ہونے کا اعلان کیا ہے مگر یہ صورتحال اس بات کا ثبوت ہے کہ امریکہ کے اندر قانون سازوں کی اکثریت اس کشیدگی کے حق میں نہیں۔ عالمی سطح پر اس وقت سب سے بڑی تشویش یہ ہے کہ اگر ایک بار پھر جنگ کی چنگاری دوبارہ بھڑک اٹھی تو یہ تباہی صرف فریقین یا ان کے قریبی ممالک تک محدود نہیں رہے گی بلکہ اس بار سٹریٹجک لحاظ سے انتہائی اہم بحیرہ احمر کا خطہ بھی اس کی لپیٹ میں آ سکتا ہے۔ یہ صورتحال بین الاقوامی معیشت کیلئے ایک ایسے ڈراونے خواب کی طرح ہوگی جس کا تصور ہی لرزا دینے والا ہے۔ شاید اس ممکنہ تباہی کے پیشِ نظر عالمی برادری کی بڑی طاقتیں اب کھل کر جنگ بندی اور امن کی ضرورت پر زور دے رہی ہیں۔ بیجنگ میں ہونے والی ملاقات میں چین اور روس کے صدور نے متفقہ طور پر یہ اعلان کیا ہے کہ اس وقت دنیا کو جنگ کی نہیں بلکہ امن کی اشد ضرورت ہے۔ چین اور روس کا یہ موقف اس بات کو تقویت دیتا ہے کہ کسی بھی نئی مہم جوئی کی صورت میں عالمی سیاست کے بلاکس مزید مضبوط ہوں گے اور یہ صورتحال سرد جنگ کے ایک نئے دور کا پیش خیمہ ثابت ہو گی۔ دنیا اب مزید کسی جنگی معاشی بوجھ کو برداشت کرنے کی سکت نہیں رکھتی۔ خلیج فارس کے خطے میں بحری ناکہ بندی نے تمام بین الاقوامی منڈیوں کو غیر یقینی صورتحال سے دوچار کر رکھا ہے۔ خام تیل اور گیس کی سپلائی متاثر ہونے سے دنیا بھر میں مہنگائی کی ایک ایسی لہر اٹھی ہے جس سے عام آدمی کی زندگی اجیرن ہو چکی ہے۔ ان سنگین حالات میں پائیدار امن کے قیام کیلئے علاقائی ممالک کا دباؤ بھی بڑھتا جا رہا ہے کیونکہ سعودی عرب قطر اور متحدہ عرب امارات جیسے ممالک بخوبی جانتے ہیں کہ ان کی جغرافیائی حدود کے قریب ہونے والی کوئی بھی جنگ ان کے معاشی مقاصد اور ترقیاتی عزائم کو خاک میں ملا سکتی ہے۔ اسی لیے وہ بھی اب زور دے رہے ہیں کہ سفارتکاری کا راستہ چنا جائے۔ ایسے میں پاکستان کلیدی ثالث کے طور پر دن رات متحرک ہے جس کی شٹل ڈپلومیسی کا محور ممکنہ فوجی تصادم کی روک تھام ہے۔ ایران کیساتھ پیغام رسانی کیلئے ہنگامی دورے اور پے بہ پے ملاقاتیں کچھ مثبت اشارے دے رہی ہیں۔ حج کے بعد دوسرا براہ راست مذاکراتی دور اسلام آباد میں ہونے کی خبریں بھی زیر گردش ہیں۔ تمنا ہے کہ یہ سفارتی بھاگ دوڑ پرامن معاہدے پر منتج ہو اور دنیا کے معاشی و سیاسی افق سے بے یقینی کے بادل چھٹ سکیں۔

تیل اور گیس کی تلاش

تقریباً دو دہائیوں بعد ساحلی علاقے سے تیل اور گیس کی تلاش کے نئے معاہدوں کا عمل خوش آئند ہے۔ اس مقصد کیلئے حکومت نے گزشتہ روز مختلف کمپنیوں کیساتھ 21 آف شور بلاکس میں تیل اور گیس کی تلاش کے معاہدے کیے جبکہ دو بلاکس پہلے ہی الاٹ کیے جا چکے ہیں۔ یہ بلاکس سندھ اور بلوچستان کے ساحلی علاقوں کے قریب انڈس اور مکران بیسن میں واقع ہیں۔ پاکستان طویل مدت سے توانائی کے بحران کا سامنا کر رہا ہے۔ ملک کو اپنی ضرورت کیلئے بڑی مقدار میں تیل اور گیس درآمد کرنا پڑتی ہے جس پر سالانہ اربوں ڈالر خرچ ہوتے ہیں۔ اگر اپنی سمندری حدود سے تیل اور گیس کے حصول میں کامیابی مل جائے تو اس سے توانائی کی درآمدات میں کمی آئے گی اور معیشت کو بھرپور سہارا ملے گا۔ تیل اور گیس کی آف شور ایکسپلوریشن کے معاہدوں سے غیر ملکی سرمایہ کاروں کا پاکستان پر اعتماد بحال ہونے کا اشارہ بھی مل رہا ہے۔ پٹرولیم ڈویژن کے مطابق اس منصوبے میں ابتدائی مرحلے میں تقریباً 82 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری ہوگی اور اگر ڈرلنگ کامیاب رہی تو یہ سرمایہ کاری ایک ارب ڈالر تک پہنچ سکتی ہے۔ سمندر میں تیل اور گیس کی تلاش کا دوبارہ آغاز ایک امید افزا قدم ہے۔ اگر حکومت ان شعبے کو بہتر منصوبہ بندی اور مستقل مزاجی کیساتھ آگے بڑھائے تو نہ صرف توانائی کے بحران میں کمی کا سبب بن سکتا ہے بلکہ ملکی معیشت روزگار اور ترقی کیلئے بھی نئے دور کا آغاز ثابت ہو سکتا ہے۔

واردات .....!

اف مسلح ڈاکوؤں کی واردات
لوگ حیران و پریشاں ہوگئے
گولیوں کی زد پہ آکر جانور
عید سے پہلے ہی قرباں ہوگئے

انور شعور

محسنِ ایرا محسنِ ایران؟ ن؟

قلم کمان
☆☆☆
حامد میر
SMS: #HMC (space) message & send to 8001
hamid.mir@janggroup.com.pk

آپ مانیں یا نہ مانیں، امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ ایران کے محسن ہیں۔ ٹرمپ نے اسرئیلی وزیراعظم بینجمن نیتن یاہو کے ساتھ مل کر ایران کو ولن سے ایک ہیرو بنا دیا ہے۔ آج کل ٹرمپ روزانہ ایران کو للکارتے نظر آتے ہیں۔ سب جانتے ہیں کہ ٹرمپ کو عالمی سیاست میں ولن بن جانا اچھا نہیں لگ رہا۔ وہ ایران کو للکار کر خود کو اصل ہیرو ثابت کرنیکی کوشش میں ہیں، لیکن اس کوشش میں وہ ایران کو ایک سپر پاور امریکا کے برابر لے آئے ہیں۔ ٹرمپ بار بار اعلان فرما رہے ہیں کہ وہ ایران کو ایٹمی ہتھیار بنانے کی اجازت نہیں دینگے۔ وہ یہ دعویٰ بھی کر رہے ہیں کہ ایران ہمارے ساتھ ڈیل کرنا چاہتا ہے اور بہت جلد یہ ڈیل ہو جائیگی، لیکن پھر ایک دھمکی دیکر ڈیل کے تاثر کو خود ہی زائل بھی کر دیتے ہیں۔ اگر میں یہ کہوں کہ امریکا اور ایران میں ایک غیر اعلانیہ ڈیل دونوں ممالک کے درمیان اسلام آباد میں ہونے والے مذاکرات سے پہلے طے ہو چکی تھی تو شاید آپ کو یقین نہ آئے۔ آپ یقین کریں یا نہ کریں، لیکن 28 فروری کو امریکا اور اسرائیل نے مل کر ایران کے خلاف جو جنگ شروع کی تھی، ٹرمپ مارچ کے وسط میں اس جنگ سے خود نکلنا چاہتے تھے۔ یورپی ممالک اور برطانیہ نے اس جنگ میں ٹرمپ کا ساتھ دینے سے انکار کر دیا تھا اور امریکا میں یہ جنگ بہت غیر مقبول تھی۔ ٹرمپ کی خواہش پر پاکستانی قیادت نے ایران کے ساتھ سیز فائر کی کوشش شروع کی تو ایرانی قیادت سیز فائر پر آمادہ نہیں تھی۔ جی ہاں !اس جنگ کے بہت سے رازوں میں سے ایک راز یہ بھی ہے کہ ٹرمپ اور نیتن یاہو ایران میں صرف رجیم چینج نہیں چاہتے تھے بلکہ ایران کو ٹکڑوں میں بانٹنا چاہتے تھے۔ ایک ملک کے تین ملک بنانا چاہتے تھے۔ لیکن آیت اللہ علی خامنہ ای کی شہادت نے ایرانی قوم کو متحد کر دیا۔ ایرانی قیادت کی قربانی اور ایرانی قوم کا اتحاد امریکا کی شکست بن گیا، اور پھر اس شکست کے ملبے میں سے پاکستان ایک ثالث بن کر ابھرا۔ جب پاکستان نے ایرانی قیادت سے سیز فائر کیلئے بات چیت شروع کی تو ایرانی قیادت نے صاف صاف کہا کہ ٹرمپ ایک ناقابلِ اعتبار انسان ہے۔ ٹرمپ بار بار ایران کے ساتھ مذاکرات کرتا ہے اور بار بار ایران پر حملہ کر دیتا ہے، لہذا اب سیز فائر اسی وقت ہوگا جب ٹرمپ ہمیں ایران پر دوبارہ حملہ نہ کرنے کی یقین دہانی کرائیگا اور ہمارے ساتھ ایک جامع معاہدہ کریگا۔ پاکستان نے ایرانی قیادت کا جواب ٹرمپ تک پہنچا دیا۔ ٹرمپ نے یقین دلایا کہ وہ تیسری دفعہ ایران پر حملہ نہیں کریگا اور جامع معاہدہ یکیلئے بھی تیار ہے۔ پھر دونوں ممالک میں ایک معاہدے پر بات چیت شروع ہوئی۔ یہ ایک لمبی کہانی ہے جس میں چین کا کردار بھی بہت اہم ہے لیکن اس کہانی کا سب سے اہم موڑ 8 اپریل کو پاکستان کے وزیراعظم شہباز شریف کی طرف سے امریکا اور ایران کے درمیان سیز فائر کا اعلان تھا۔ جب گیارہ اپریل کو اسلام آباد میں امریکا اور ایران کے درمیان پچاس سال میں پہلی دفعہ اعلیٰ سطحی مذاکرات شروع ہوئے تو پاکستان ان دونوں ممالک کے درمیان ایک معاہدے کے اہم نکات پر پہلے ہی اتفاق کروا چکا تھا۔ اس اتفاق کے بعد ہی ایران کے وفد نے پاکستان آنے پر آمادگی ظاہر کی تھی۔ ایرانی قیادت نے بار بار پاکستان سے یہ کہا کہ 2025 میں عمان نے بھی امریکا اور ایران میں مذاکرات کروائے تھے لیکن عمان کا کردار صرف ایک میسنجر یا پوسٹ مین کا تھا پاکستان کو نہ صرف ثالثی کرنی ہوگی بلکہ یقین دلانا ہوگا کہ ایران پر دوبارہ حملہ نہیں ہوگا۔ ٹرمپ نے بار بار پاکستانی قیادت کی تعریفیں کر کے ایران کو یقین دلانے کی کوشش کی کہ پاکستان کو امریکا کا بھرپور اعتماد حاصل ہے۔ اسلام آباد میں مذاکرات کا پہلا راونڈ شروع ہونے سے قبل وہ مسئلہ حل ہو چکا تھا جس پر ٹرمپ ابھی تک شور مچا رہے ہیں۔ ایران ایٹمی ہتھیار نہ بنانے پر آمادگی ظاہر کر چکا تھا اور امریکا نے ایران پر اقتصادی پابندیاں ختم کرنے اور ایران کے منجمد اثاثے بحال کرنے کا مطالبہ تسلیم کر لیا تھا۔ اسلام آباد میں امریکا اور ایران نے اس معاہدے پر عمل درآمد کیلئے ایک ٹائم فریم اور دیگر تفصیلات طے کرنی تھیں۔ جب سب معاملات طے پا گئے تو ٹرمپ کی ایک فون کال کے بعد امریکی وفد نے یورینیم کی افزودگی کا مسئلہ چھیڑ دیا۔ یہ ٹیکنیکل معاملہ بعد میں طے ہونا تھا لیکن ایران نے اس معاملے پر لچک دکھا دی۔ یہی وجہ ہے کہ امریکا کے نائب صدر جے ڈی وینس بار بار یہ کہتے ہیں کہ اسلام آباد مذاکرات بہت اہم تھے۔ ان مذاکرات میں فریقین معاہدے پر دستخط کے قریب تھے، لیکن اچانک جے ڈی وینس کو واپس امریکا بلا لیا گیا۔ واپس جانے کیلئے جے ڈی وینس نے جو بہانے بنائے ان پر پاکستانی میزبان اور ایرانی مہمان ایک دوسرے کا منہ دیکھتے رہ گئے اور امریکی وفد ہوٹل سے سیدھا نور خان ایئر بیس چلا گیا۔ شائد ٹرمپ خود اس معاہدے پر دستخط کر کے ہیرو بننا چاہتے تھے، اس لیے انہوں نے کچھ امریکی صحافیوں کو فون کر کے کہا کہ آپ اسلام آباد سے واپس نہ آئیں کیونکہ ہو سکتا ہے میں خود بھی اسلام آباد آ جاوں۔ ٹرمپ نے اپنے وفد کو نامناسب انداز میں اسلام آباد سے واپس بلا کر وہ غلطی کی جسکا خمیازہ پوری دنیا نے تیل کی قیمتوں میں مزید اضافے کی صورت میں بھگتا۔ امریکا نے لبنان اور اسرائیل میں سیز فائر کروا کے ایران کا ایک اہم مطالبہ پورا کر دیا، لیکن ٹرمپ کے دھمکی آمیز بیانات کے باعث ایرانی قیادت امریکی وفد کے ساتھ دوبارہ آمنے سامنے بیٹھنے پر تیار نہ تھی۔ دونوں ممالک میں کشیدگی کے باعث آبنائے ہرمز پھر بند ہو گئی۔ لہذا فیلڈ مارشل عاصم منیر 15 اپریل کو خود تہران پہنچے۔ انہوں نے تہران میں ایرانی قیادت سے بات چیت کی اور دوسری طرف ٹرمپ سے بھی براہ راست بات کی۔ ایک دفعہ پھر تمام معاملات طے ہو گئے۔ امریکا اور ایران نے آبنائے ہرمز کھولنے پر اتفاق کر لیا۔ 18 اپریل کو فیلڈ مارشل عاصم منیر واپس پاکستان پہنچے اور مذاکرات کے دوسرے راونڈ کے انتظامات شروع ہوئے، لیکن ٹرمپ نے پھر سے ایران کے خلاف بیان بازی شروع کر دی۔ پاکستان نے پوری کوشش کی کہ سیز فائر نہ ٹوٹے کیونکہ اسرائیل پوری کوشش کر رہا تھا کہ سیز فائر ٹوٹ جائے۔ اسرائیل نے ایران کو تڑی کی اور سعودی عرب سے لڑانے کی بار بار سازش کی۔ ٹرمپ نے مئی کے وسط میں دورہ چین سے قبل ایران کے ساتھ اپنی شرائط پر معاہدے کیلئے بہت جتن کیے لیکن ایران اس معاہدے سے آگے پیچھے ہٹنے کو تیار نہ تھا جو 8 اپریل سے قبل طے پایا تھا۔ اس مرتبہ ایران نے فیصلہ کیا کہ ٹرمپ کو کسی معاہدے کے بغیر خالی ہاتھ چین بھیجا جائے اور خالی ہاتھ واپس لوٹایا جائے۔ وہ معاہدہ جسکی تفصیلات 8 اپریل کو سیز فائر کے اعلان سے قبل طے ہو چکی تھیں، ابھی تک ایک حقیقت ہے۔ اس معاہدے میں تاخیر کے ذمہ دار ٹرمپ ہیں جنہوں نے 12 اپریل کو بڑے نامناسب طریقے سے امریکی وفد کو اسلام آباد سے واپس بلا کر ایرانی وفد کی توہین کی۔ اب امریکی میڈیا کبھی کہتا ہے کہ پاکستان نے نور خان ایئر بیس پر ایران کے جنگی طیاروں کو چھپایا، کبھی کہتا ہے کہ رجیم چینج آپریشن میں سابق ایرانی صدر محمد احمدی نژاد کو اقتدار سونپنا تھا۔ مقصد غلط فہمیاں پھیلانا ہے۔ صاف نظر آ رہا ہے کہ ٹرمپ دھونس، دھمکی اور فیک نیوز کے ذریعے ولن سے ہیرو بننے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں۔ آج نہیں تو کل امریکا اور ایران میں امن معاہدہ ہونا ہی ہے۔ یہ وہی معاہدہ ہوگا جو 8 اپریل سے قبل طے پایا تھا۔ اس معاہدے کے بعد ٹرمپ اپنے آپ کو فاتحِ ایران قرار دیں گے لیکن سچ یہ ہے کہ وہ محسنِ ایران بن چکے ہیں۔ نہ وہ ایران پر حملہ کرتے نہ ایران انہیں شکست دیتا اور نہ ہی ایران کو امریکا کی اقتصادی پابندیوں سے نجات حاصل کرنے کا یہ سنہری موقع ملتا۔

ناروے کا بابا مستان شاہ!

روزنِ دیوار سے
عطاء الحق قاسمی
attaul.haq@janggroup.com.pk

پرسوں ایک باباجی میرے پاس تشریف لائے۔ فقیری چوغا پہنا ہوا، گلے اور ہاتھوں میں منکے، ملگجی داڑھی، سر پر سندھی ٹوپی، ہاتھ میں ایک نوٹ بک جسکے متعلق یہ بھی پتا چلا کہ اس میں مختلف افسروں نے "باباجی "کے ولی اللہ ہونے کی تصدیق کی ہے۔ انھوں نے آتے ہی اپنا عصا زمین پر مارا اور کہا "میں ہوں بابا مستان شاہ! پاکپتن شریف سے تمھیں دعا دینے آیا ہوں۔ اللہ تمھیں کسی کا محتاج نہ بنائے تم ترقی کرو "میں انکی ہر دعا پر آمین کہتا رہا۔ وہ اپنی ہر دعا کے آخر میں کہتے "پر تم غصہ نہ کیا کرو، ان دنوں بے شمار لوگوں کا بلڈ پریشر ہائی رہتا ہے، چنانچہ ان کے رویوں میں جھنجھلاہٹ آ جاتی ہے "اگر میرا بلڈ پریشر بھی ہائی ہوتا یا طبیعت میں غصہ ہوتا تو میری نظروں میں باباجی کی "ولایت" پکی تھی مگر اتفاق سے میرا بلڈ پریشر نارمل رہتا ہے اور حسنِ اتفاق سے طبیعت میں غصہ بھی بہت کم ہے چنانچہ باباجی کا وار خالی گیا۔ اپنی گفتگو کے دوران باباجی بغور میرے چہرے کی طرف دیکھتے رہے۔ وہ میرے تاثرات کا جائزہ لے رہے تھے اور اندازہ لگا رہے تھے کہ انکی روحانیت مجھ پر کس حد تک اثر انداز ہو رہی ہے۔ میرے چہرے کے تاثرات سے انھیں شاید مایوسی ہوئی، چنانچہ وہ دعاوں کے بجائے پیش گوئیوں پر اتر آئے۔ انھوں نے کہا اللہ تیری پریشانیاں دور کرے گا اب دنیا میں کون ہے جسے کوئی پریشانی لاحق نہ ہو مگر اس سو فیصد صحیح تشخیص پر بھی مرعوب ہونے کے بجائے جب میں نے صرف ان شا اللہ کہا تو باباجی نے مایوس ہو کر وہ نوٹ بک میرے سامنے رکھ دی جو انھوں نے بائیں ہاتھ میں تھامی ہوئی تھی اور اسمیں سے صرف افسروں کے ریمارکس مجھے دکھانے لگے جو انھوں نے باباجی کی ولایت کے حوالے سے دیئے تھے۔ میں نے سوچا کیا زمانہ آ گیا ہے، اب اللہ والوں کو بھی دنیا والوں سے اپنی بزرگی کا سرٹیفکیٹ لینا پڑتا ہے۔ جب موصوف نے دیکھا کہ کوئی سند بھی انکے کام نہیں آ رہی تو انھوں نے اپنا عصا زور سے زمین پر مارا اور گرجدار آواز میں کہا بابا مستان شاہ جا رہا ہے، کل پھر اسی وقت آئے گا۔ مگر کل میں انکا انتظار ہی کرتا رہا، وہ تشریف نہ لائے۔ اور آج جب میں یہ کالم لکھ رہا تھا تو اچانک مجھے یاد آیا کہ یہ تو وہی بابا مستان شاہ تھا جو تقریباً بارہ چودہ برس قبل ہم چند دوستوں کو ایک دفتر میں ملا تھا اور اس نے تقریباً یہی باتیں کی تھیں اور میں نے ریت کی دیواریں کے عنوان سے اس پر ایک کالم بھی لکھا تھا جس پر کئی قارئین کے خط مجھے آئے جس میں انھوں نے ان باباجی کی وہ کرامتیں بیان کیں کہ میں لرز کر رہ گیا تھا۔ آج بھی وہی مستان شاہ ہے، صرف عمر کے فرق سے اس کے خدوخال میں تھوڑی سی تبدیلی ہوئی ہے۔ ادویات کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں، مریض سسک سسک کر مر رہے ہیں، بیروزگاری کا عفریت کئی جوانوں کو ہڑپ کر چکا ہے، حالات ایسے ہو چکے ہیں کوئی نہیں جانتا کہ وہ یا اس کا عزیز شام کو بخیریت گھر واپس آئیگا کہ نہیں، آج بھی اگر کوئی شخص پریشان ہے اور پریشانی کے ان لمحات میں کوئی بابا مستان شاہ آپکے پاس آتا ہے، فقیری چوغے میں ملبوس، گلے میں منکے پہنے ہوئے، ہاتھ میں درویشی عصا لیے اور کہتا ہے تمہاری پریشانی دور ہو گی، ہر پریشان شخص کو ان کلمات کی ضرورت ہے۔ اور یوں بابا مستان شاہ بھی اس معاشرے کی ضرورت ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ڈیمانڈ اینڈ سپلائی کے اصول کے عین مطابق اس وقت شہر میں ہزاروں کی تعداد میں مستان شاہ موجود ہیں۔ یہ نقلی مستان شاہ اس وقت تک ہمارے درمیان رہیں گے جب تک معاشرے کی پریشانیاں دور کرنے والا اصلی مستان شاہ نہیں آتا۔ البتہ ایک بابا مستان شاہ میں نے ناروے میں بھی دیکھا تھا۔ وہ یہ نہیں بتاتا تھا کہ آپکی ہر پریشانی دور ہوگی، پریشانی آپ بتاتے تھے، دور وہ کرتا تھا۔ اگر کوئی بیمار پڑتا تھا تو بابا مستان شاہ اس کا علاج معالجہ کرتا تھا۔ اگر اسپتال میں داخلے کی ضرورت ہوتی تو وہ اسپتال میں بھی ایڈمٹ کرا دیتا تھا۔ ان خدمات کے عوض وہ آپ سے کوئی رقم طلب نہیں کرتا تھا بلکہ سب کچھ اپنے پلے سے کرتا تھا۔ اگر آپ بیکفکر ہوتے تو وہ آپ کو رٹیکیلئے گھر دیتا تھا، اگر آپ بیروزگار ہوتے تو روزگار پر لگنے تک وہ ہر ماہ آپ کو ایک معقول رقم دیتا تھا۔ آپکے ہاں بچہ پیدا ہوتا تو اسکا خرچہ وہ اٹھانے لگتا تھا۔ ناروے کا بابا مستان شاہ آپکی جان و مال کا بھی محافظ تھا۔ مجال ہے کوئی آپ کی طرف میلی آنکھ سے دیکھ بھی سکے۔ باباجی کی نگاہ دوررس یہ بھی بھانپ لیتی تھی کہ کوئی آپکی نجی زندگی میں مداخلت تو نہیں کر رہا، چنانچہ ایسے شخص سے باباجی خود نمٹ لیتے تھے۔ باباجی کا ایک عجیب و غریب کمال یہ تھا کہ وہ کسی کو نظر نہیں آتے تھے مگر ہر معاملے پر انکی نظر ہوتی تھی۔ میں نے اسی طرح کے ایک باباجی کے بارے میں یہ بھی سنا تھا کہ وہ صرف ناروے نہیں سویڈن، ڈنمارک، فن لینڈ اور یو کے وغیرہ میں بھی پائے جاتے ہیں مگر وہاں بھی وہ کسی کو نظر نہیں آتے۔ بس انکے کمالات نظر آتے ہیں۔ بالآخر مجھے پتا چلا کہ بابا مستان شاہ کسی شخص کا نام نہیں، یہ ان ملکوں کی فلاحی ریاست ہے جو اپنے باشندوں کیلئے ماں کا درجہ رکھتی ہے۔ ہمارے بابائے قوم قائداعظم نے بھی اسی قسم کی ریاست کا خواب دیکھا تھا مگر انکے بعد آنیوالیبیشتر حکمران وہ بابا مستان شاہ بن گئے جن سے ان دنوں ہر شہر، ہر گاوں اور ہر قصبے میں ہماری ملاقات ہوتی ہے۔ ہمیں قائداعظم والے بابے کی ضرورت ہے۔ اگر وہ ہمارے درمیان پیدا ہو گیا اور کسی نے شب خون مار کر اسے رستے سے نہ ہٹایا تو پھر ہمیں کسی دوسرے ملک کی مثال دینے کی ضرورت نہیں پڑیگی۔ لوگ کہیں گے پاکستان کا بابا مستان شاہ دوسرے ملکوں کے مستان شاہوں سے بہت آگے ہے۔

☆☆☆

اسلامی ایٹم بم سے ہی پریشانی کیوں؟

مملکت اے مملکت
☆☆☆
محمود شام
Mahmood.shaam@janggroup.com.pk

صرف وحشت ہو اور عشق نہ ہو لب اگلتے ہیں دھمکیاں دن رات... آپ سب بخوبی جانتے ہیں دھمکیاں اٹھتے بیٹھتے کون دیتا ہے۔ میں اپنے آپ سے پوچھ رہا تھا سوچا کہ آپ کو بھی شریک گفتگو کرلوں اگر چین کے صدر، روس کے صدر بھی ایسے ہی بات بے بات آگ اگل رہے ہوتے تو اس دنیا کی کیا شکل ہوتی۔ ٹرمپ صاحب چین کے دورے سے واپس آ کر چین کی بات ہی نہیں کر رہے۔ آتے ہی وہ ایران کے خلاف ننگی تلوار سونت کر کھڑے ہو گئے ہیں۔ غصہ توڑی پر ہوگا مگر نکال رہے ہیں تہران پر۔ کیا اس رویے سے وہ گریٹ پیپلز ہال بیجنگ میں ہونے والی نامرادی پر مٹی ڈال سکیں گے... آپ بھی یقیناً سوچ رہے ہوں گے کہ ایران پر جس طرح ایٹمی پروگرام کے باعث 40 سال سے زیادہ عرصے سے انتہائی سخت پابندیاں لگی ہوئی ہیں اور اب ٹرمپ بھی انہیں کھلی دھمکیاں دے رہے ہیں۔ اسرائیل نے جب ایٹمی ہتھیار بنائے ہوں گے تو کیا اسے بھی امریکہ کی نئی دنیا اور باقی پرانی دنیا کی طرف سے اسی طرح سرزنش کا سامنا کرنا پڑا ہوگا۔ اس پر بات کرتے ہیں مگر اس سے پہلے پاکستان کے ایک عظیم ایڈیٹر سخنور جناب الطاف حسن قریشی کی وفات حسرت آیات پر کچھ اظہار تاسف۔ 60 اور 70 کی دہائی میں بائیں دائیں کی کشمکش زوروں پر تھی ہمارے خیمے اگرچہ الگ الگ تھے مگر سلام دعا رہتی تھی۔ اخبار جہاں۔ میں ہمارے رفیق کار مجیب الرحمٰن شامی تھے الطاف حسن قریشی ملتان سے روزنامہ جسارت کا آغاز کر چکے تھے۔ اب سیاست کی گرم بازاری دیکھ کر وہ ایک ہفت روزہ بھی شروع کرنا چاہتے تھے ہفت روزہ چٹان اور مولانا کوثر نیازی کے ہفت روزہ شہاب کے ٹھیک ٹھیک نشانے دیکھ چکے تھے۔ اخبار جہاں کی بڑھتی ہوئی مقبولیت اور آتے ہوئے انتخابات۔ وہ مجیب الرحمان شامی کو اخبار جہاں سے چھینے آئے تھے۔ اس کا برملا اظہار بھی کر رہے تھے پھر انہوں نے لاہور سے ہفت روزہ زندگی شروع کیا اور شامی صاحب کی جملے سازی و شعلہ بیانی سے کھل کر فائدہ اٹھایا۔ اردو ڈائجسٹ میں ان کے انٹرویوز نے اردو صحافت میں ایک نئی طرح ایجاد کی۔ عمر کے آخری حصے میں بھی ان کے مطالعے اور کالم نگاری کا معمول جاری رہا۔ ان کا کرم ہے کہ کسی روز ہمارا کالم اچھا لگتا۔ تو ضرور فون کرتے۔ میں نے ایک کالم میں لکھ دیا کہ ہم سب تو مضمون لکھتے ہیں۔ اصلی کالم صرف عطاء الحق قاسمی سے سرزد ہو رہا ہے۔ کہ وہ شگفتگی اور لطافت کی آبرو کو رہے ہیں۔ قریشی صاحب کا فون آیا کہ آپ نے تو ہمیں اور خود کو کالم نگاری سے باہر کر دیا ہے۔ پچھلے سال ماہنامہ تخلیق کے ادبی ایوارڈ پروگرام کیلئے لاہور جانا ہوا۔ یہ ایوارڈ کئی کتابوں کے مصنف اور محقق ڈاکٹر ہارون الرشید تبسم کو تفویض کیا گیا تھا۔ علامہ عبدالستار عاصم سے ہم نے کہا کہ ہمیں الطاف حسن قریشی صاحب کے نیاز حاصل کرنا ہیں۔ صاحب فراش تھے۔ بہت تپاک سے ملے۔ میں نے ان سے گفتگو فیس بک پر لائیو کر دی۔ تو پوری دنیا سے ان کے ہزاروں قارئین شریک محفل ہونے لگے۔ قریشی صاحب کیں کہ میں لرز کر رہ گیا تھا۔ آج بھی وہی مستان شاہ ہے، صرف عمر کے فرق سے اس کے خدوخال میں تھوڑی سی تبدیلی ہوئی ہے۔ ادویات کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں، مریض سسک سسک کر مر رہے ہیں، بیروزگاری کا عفریت کئی جوانوں کو ہڑپ کر چکا ہے، حالات ایسے ہو چکے ہیں کوئی نہیں جانتا کہ وہ یا اس کا عزیز شام کو بخیریت گھر واپس آئیگا کہ نہیں، آج بھی اگر کوئی شخص پریشان ہے اور پریشانی کے ان لمحات میں کوئی بابا مستان شاہ آپکے پاس آتا ہے، فقیری چوغے میں ملبوس، گلے میں منکے پہنے ہوئے، ہاتھ میں درویشی عصا لیے اور کہتا ہے تمہاری پریشانی دور ہو گی، ہر پریشان شخص کو ان کلمات کی ضرورت ہے۔ اور یوں بابا مستان شاہ بھی اس معاشرے کی ضرورت ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ڈیمانڈ اینڈ سپلائی کے اصول کے عین مطابق اس وقت شہر میں ہزاروں کی تعداد میں مستان شاہ موجود ہیں۔ یہ نقلی مستان شاہ اس وقت تک ہمارے درمیان رہیں گے جب تک معاشرے کی پریشانیاں دور کرنے والا اصلی مستان شاہ نہیں آتا۔ البتہ ایک بابا مستان شاہ میں نے ناروے میں بھی دیکھا تھا۔ وہ یہ نہیں بتاتا تھا کہ آپکی ہر پریشانی دور ہوگی، پریشانی آپ بتاتے تھے، دور وہ کرتا تھا۔ اگر کوئی بیمار پڑتا تھا تو بابا مستان شاہ اس کا علاج معالجہ کرتا تھا۔ اگر اسپتال میں داخلے کی ضرورت ہوتی تو وہ اسپتال میں بھی ایڈمٹ کرا دیتا تھا۔ ان خدمات کے عوض وہ آپ سے کوئی رقم طلب نہیں کرتا تھا بلکہ سب کچھ اپنے پلے سے کرتا تھا۔ اگر آپ بیکفکر ہوتے تو وہ آپ کو رٹیکیلئے گھر دیتا تھا، اگر آپ بیروزگار ہوتے تو روزگار پر لگنے تک وہ ہر ماہ آپ کو ایک معقول رقم دیتا تھا۔ آپکے ہاں بچہ پیدا ہوتا تو اسکا خرچہ وہ اٹھانے لگتا تھا۔ ناروے کا بابا مستان شاہ آپکی جان و مال کا بھی محافظ تھا۔ مجال ہے کوئی آپ کی طرف میلی آنکھ سے دیکھ بھی سکے۔ باباجی کی نگاہ دوررس یہ بھی بھانپ لیتی تھی کہ کوئی آپکی نجی زندگی میں مداخلت تو نہیں کر رہا، چنانچہ ایسے شخص سے باباجی خود نمٹ لیتے تھے۔ باباجی کا ایک عجیب و غریب کمال یہ تھا کہ وہ کسی کو نظر نہیں آتے تھے مگر ہر معاملے پر انکی نظر ہوتی تھی۔ میں نے اسی طرح کے ایک باباجی کے بارے میں یہ بھی سنا تھا کہ وہ صرف ناروے نہیں سویڈن، ڈنمارک، فن لینڈ اور یو کے وغیرہ میں بھی پائے جاتے ہیں مگر وہاں بھی وہ کسی کو نظر نہیں آتے۔ بس انکے کمالات نظر آتے ہیں۔ بالآخر مجھے پتا چلا کہ بابا مستان شاہ کسی شخص کا نام نہیں، یہ ان ملکوں کی فلاحی ریاست ہے جو اپنے باشندوں کیلئے ماں کا درجہ رکھتی ہے۔ ہمارے بابائے قوم قائداعظم نے بھی اسی قسم کی ریاست کا خواب دیکھا تھا مگر انکے بعد آنیوالیبیشتر حکمران وہ بابا مستان شاہ بن گئے جن سے ان دنوں ہر شہر، ہر گاوں اور ہر قصبے میں ہماری ملاقات ہوتی ہے۔ ہمیں قائداعظم والے بابے کی ضرورت ہے۔ اگر وہ ہمارے درمیان پیدا ہو گیا اور کسی نے شب خون مار کر اسے رستے سے نہ ہٹایا تو پھر ہمیں کسی دوسرے ملک کی مثال دینے کی ضرورت نہیں پڑیگی۔ ل

بقیہ 1

کولنگ سسٹم کا کمپریسر پھٹنے سے 3 افراد زخمی ہوگئے۔ ہسپتال انتظامیہ کے مطابق زخمیوں میں حماد، اویس اور حماد شامل ہیں۔ ہسپتال انتظامیہ کے مطابق زخمیوں کو ہولی فیملی ہسپتال کے برن یونٹ منتقل کردیا گیا ہے۔

بقیہ 2

شدہ مقامات پر ہی مویشی منڈیاں قائم کی گئی ہیں، جبکہ غیر قانونی منڈیوں کی اجازت نہیں دی گئی۔ ان منڈیوں میں صفائی ستھرائی کے غیر معمولی انتظامات کیے گئے ہیں تاکہ شہریوں کو بہترین ماحول میسر آسکے۔'' ستھرا پنجاب ''وزیراعلیٰ پنجاب کا ایک فلیگ شپ پروگرام بن چکا ہے، جس کی مثالیں نہ صرف پاکستان بلکہ بیرونِ ملک بھی دی جارہی ہیں، جبکہ دیگر صوبے بھی اس منصوبے کی تفصیلات میں دلچسپی لے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بیوپاریوں اور شہریوں کی سہولت کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے گئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈی جی پی آر میں وزیر بلدیات ذیشان رفیق کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ، پولیس، ہیرا فورس اور دیگر ادارے منڈیوں میں مکمل طور پر متحرک ہیں تاکہ عوام کو ہر ممکن سہولت اور تحفظ فراہم کیا جاسکے۔ سٹیٹ آف دی آرٹ کیٹل مارکیٹس قائم کی گئی ہیں جہاں سکیورٹی کا مؤثر نظام نافذ ہے۔ ماضی میں بیوپاریوں کے ساتھ فراڈ اور چوری جیسے واقعات پیش آتے تھے، مگر الحمدللہ اس مرتبہ اب تک ایسا کوئی واقعہ رپورٹ نہیں ہوا، جو مؤثر حکمت عملی کا ثبوت ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ اس سال صفائی اور خوبصورتی کے انتظامات میں بھی جدت لائی گئی ہے۔ عرق گلاب اور چونے کے استعمال سے نہ صرف ماحول کو خوشگوار بنایا جارہا ہے بلکہ مساجد، امام بارگاہوں اور دیگر عوامی مقامات کو بھی عرق گلاب سے دھونے کا فیصلہ کیا گیا ہے تاکہ ہر طرف صفائی، خوشبو اور خوبصورتی کا احساس نمایاں ہو۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت پنجاب عوام کو صاف، محفوظ اور منظم ماحول فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کررہی ہے اور اس سلسلے میں تمام متعلقہ ادارے شب و روز متحرک ہیں۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر اس بار عیدالاضحیٰ پر پچھلے سال سے بہتر انتظامات کئے جارہے ہیں۔ پہلے مرحلے میں پنجاب بھر میں 288 کیٹل سیل پوائنٹس قائم کئے گئے ہیں۔ پنجاب کیٹل مارکیٹنگ اینڈ مینجمنٹ کمپنی کے زیر انتظام پچھ منڈیاں چھوڑ کر باقی تمام سیل پوائنٹس پر بیوپاریوں کو تمام خدمات بلا معاوضہ مہیا کی جارہی ہیں۔ کسی بیوپاری کو مقررہ جگہوں کے سوا جانور بیچنے کی اجازت نہیں۔ عیدالاضحیٰ صفائی آپریشنز کی تفصیل بتاتے ہوئے صوبائی وزیر نے بتایا کہ عید کے لئے اضافی وسائل کا بندوبست کیا گیا ہے۔ امسال پنجاب بھر میں 7 ہزار ویسٹ کولیکشن پوائنٹس، ویسٹ انکلوژرز اور خندقیں بنائی گئی ہیں جہاں الائنوں کو ڈمپ کیا جائے گا۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی واضح ہدایات ہیں کہ آلائشوں کو جمع کرنے کے لئے جامع انتظامات کئے جائیں چنانچہ پہلی بار ستھرا پنجاب کے سپیشل سکواڈ رکشہ لوڈرز پر لاؤڈ سپیکرز کے ذریعے ہر علاقے میں جائیں گے اور اہلِ علاقہ سے آلائشیں وصول کریں گے۔ انہوں نے اپیل کی کہ شہری خالی پلاٹوں، نالوں یا نہروں میں آلائشیں ہرگز نہ پھینکیں ورنہ پچاس ہزار روپے تک جرمانہ ہوسکتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ عید سے ایک رات قبل صفائی پلان پر عملدرآمد شروع ہوجائے گا۔ عیدگاہوں، مساجد اور اجتماعی قربانی کے مقامات کو صاف کیا جائے گا۔ عید آپریشنز میں ایک لاکھ 84 ہزار ورکرز حصہ لیں گے اور یہ آپریشن عید کے چوتھے روز تک متواتر چلتا رہے گا۔ لاہور میں نہر میں کشتیوں کے ذریعے بھی نگرانی کی جائے گی۔ سیف سٹی کے کیمروں سے بھی مدد لی جائے گی۔ ذیشان رفیق نے بتایا کہ 20 لاکھ کلو سے زائد چونے، ایک لاکھ پچاس ہزار لٹر فینائل اور 40 ہزار لٹر عرق گلاب کا استعمال کر کے تعفن کی روک تھام یقینی بنائی جائے گی۔ پنجاب بھر میں 4500 عید آپریشن کیمپ لگائے جائیں گے۔ قربانی والی گھروں کا سروے کرلیا گیا ہے اور اس بار 12 ملین ماحول دوست بیگز تقسیم کئے جائیں گے۔ سوالات کے جواب دیتے ہوئے وزیر اطلاعات وثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا کہ جو لوگ اظہار رائے کی آزادی کے خود ساختہ چیمپئن بنے ہوئے ہیں، شاید انہیں ابھی تک یہ معلوم ہی نہیں کہ خیبر پختونخوا میں کیا کچھ ہو رہا ہے۔ وہاں کے معاملات پر نہ کوئی آواز اٹھائی جاتی ہے، نہ کسی نوٹس کا مطالبہ کیا جاتا ہے۔ جب وہ خود کسی پر الزام لگائیں تو وہ آزادی ؟ اظہار کہلاتی ہے، لیکن اگر ان سے سوال پوچھ لیا جائے تو فوراً سیاسی انتقام اور اظہار رائے پر پابندی کا شور مچانا شروع کر دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا سے کرپشن کی جو داستانیں سامنے آرہی ہیں، وہ ایک حقیقت ہیں اور ان کا جواب دینا چاہیے۔ ایک کلرک کے پاس سے 20 ارب روپے برآمد ہونے کی خبر پوری دنیا نے دیکھی۔ اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں۔ مسئلہ یہ ہے کہ اس جماعت کا ایک مخصوص مائنڈ سیٹ ہے کہ جو ان کے حق میں نہ بولے، اس پر حملے شروع کر دو، اس کی کردار کشی کرو اور اس کی آواز دبانے کی کوشش کرو۔ یہی رویہ ان کی قیادت سے لے کر کارکن تک منتقل ہوا ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ صحافی تنظیموں کو بھی دوہرا معیار ترک کرنا ہوگا۔ پنجاب میں اگر کوئی سوال پوچھ لیا جائے تو شور مچا دیا جاتا ہے، جبکہ خیبر پختونخوا میں کرپشن کے سنگین الزامات پر مکمل خاموشی اختیار کی جاتی ہے۔ وہاں وزارتوں کی تقسیم تک پر سوالات اٹھ رہے ہیں، مگر نہ یوٹیوب پر آواز سنائی دیتی ہے اور نہ سوشل میڈیا پر احتجاج نظر آتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر آلائشوں کی بروقت منتقلی اور صفائی کے لیے خصوصی اقدامات کیے جارہے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے صفائی کے حوالے سے خصوصی ہدایات جاری کی ہیں۔ ہم مسلمان ہیں اور ہمیں اپنے طرز عمل میں بھی اس کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ گندگی پھیلانا، جگہ جگہ آلائشیں پھینک دینا اور تعفن پیدا کرنا کسی طور مناسب نہیں۔ شہریوں کو چاہیے کہ صفائی کے نظام کے ساتھ تعاون کریں، کیونکہ صرف حکومت اکیلے کامیاب نہیں ہوسکتی جب تک عوام ساتھ نہ دیں۔ انہوں نے کہا کہ'' ستھرا پنجاب'' پروگرام عوام کی سہولت اور خدمت کے لیے شروع کیا گیا ہے، لیکن اس میں شہریوں کی ذمہ داری بھی بہت اہم ہے۔ گزشتہ سال عیدالاضحیٰ کے دوران شہریوں نے مثالی تعاون کیا تھا، جس کی وجہ سے'' ستھرا پنجاب'' کو بھرپور پذیرائی ملی۔ اس سال بھی ہمیں اپنے گھروں، گلیوں اور محلوں کو صاف ستھرا رکھنا ہے تاکہ بیماریاں اور بدبو نہ پھیلیں۔ عظمیٰ بخاری نے صفائی عملے کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ جو کارکن عید کے دنوں میں ہماری پھیلائی ہوئی گندگی کو صاف کرتے ہیں، وہ حقیقی ہیروز ہیں۔ شہری ان کے ساتھ محبت اور احترام سے پیش آئیں، انہیں سہولت دیں، پانی پلائیں اور ان کے کام کی قدر کریں۔ انہوں نے ایک رپورٹ کے حوالے سے کہا کہ رپورٹ سامنے آنے کے بعد ہی ذمہ داران کے خلاف کارروائی کی گئی اور مقدمات درج ہوئے۔ اصل سوال یہ ہے کہ ایکشن لیا گیا یا نہیں، اور اس کا جواب سب کے سامنے موجود ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بعض لوگ یہ جواز پیش کرتے ہیں کہ ان کے پاس پیسے نہیں، اس لیے انہیں کہیں بھی آلائشیں پھینکنے کی اجازت ہونی چاہیے۔ یہ کسی صورت قابلِ قبول نہیں۔ حکومت نے شہریوں کی سہولت کے لیے خصوصی بیگز اور کلیکشن پوائنٹس کا انتظام کیا ہے۔ اگر شہری تعاون کریں اور مقررہ مقامات پر آلائشیں رکھیں تو نہ جرمانہ ہوگا اور نہ صفائی کا مسئلہ پیدا ہوگا۔

بقیہ 3

پورہ کو انکوائری مارک کی، جس میں شکایت درست ثابت ہوئی جس کی تصدیق کے بعد متعلقہ اہلکاروں کے خلاف تھانہ شاہدرہ میں مقدمہ نمبر 2548/26 جبکہ دوسرا مقدمہ تھانہ اسلام پورہ میں 1186/26 درج کر لیا گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق اہلکاروں کے خلاف دفعہ 155 اور گداگری ایکٹ کے تحت مقدمات درج کیے گئے ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ شہریوں سے غیر قانونی طور پر رقم طلب کرنے والے اہلکاروں کے خلاف محکمانہ کارروائی بھی عمل میں لائی جارہی ہے۔

بقیہ 4

کہ ہماری صوبائی گورنمنٹ کا ایکشن قابل تحسین ہے، سندھ بھر میں منشیات کے خلاف آپریشن ہو رہا ہے، ہم صوبے سے منشیات کا خاتمہ کریں گے۔ شرجیل میمن نے کہا کہ خواتین کو ٹریننگ، لائسنس اور فری میں اسکوٹی دی جا رہی ہے، پاکستان واحد ملک ہے جہاں مفت میں اسکوٹی دی جارہی ہے، میرٹ کے مطابق خواتین میں اسکوٹیز تقسیم کی جارہی ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا وہ کلاخواتین کو بھی پنک اسکوٹی مفت دی جائے گی، ہم نے خواتین کے لیے الگ بسیں شروع کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر سستی بجلی بن سکتی ہے تو وہ کوئلے سے بن سکتی ہے، حکومتِ سندھ نے تمام بڑے پروجیکٹ دیے ہیں، سندھ بھر میں سفری سہولتیں دی جائیں گی۔

بقیہ 5

عید کے دنوں میں ٹیوب ویلز تین مختلف دورانیوں میں چلائے جائیں گے تاکہ صارفین کو بھرپور پانی کی فراہمی ممکن بنائی جاسکے۔ عید کے پہلے روز پہلا دورانیہ صبح 4 بجے سے دوپہر 12 بجے تک، دوسرا دورانیہ دوپہر 2 بجے سے شام 4 بجے تک جبکہ تیسرا اور آخری دورانیہ شام 5 بجے سے رات 9 بجے تک جاری رہے گا۔ عید کے دوسرے روز پانی کی فراہمی صبح 4 بجے سے 10:30 بجے تک، پھر دوپہر 2 سے 4 بجے تک اور شام 5 سے رات 9 بجے تک کی جائے گی۔ جبکہ عید کے بعد ٹیوب چلانے کے اوقات کار میں پہلا دورانیہ صبح 5 بجے سے 9 بجے تک، دوسرا دورانیہ دوپہر 12 بجے سے 2 بجے تک اور تیسرا دورانیہ شام 5 بجے سے رات 9 بجے تک ہو گا۔ اعلامیے کے مطابق تمام آپریشنل اسٹاف عید کے دنوں میں تین شفٹوں میں 24 گھنٹے ڈیوٹی سر انجام دے گا جبکہ عملے کی تمام عید کی چھٹیاں منسوخ کر دی گئی ہیں تاکہ شہریوں کو کسی قسم کی تکلیف نہ ہو۔ ایم ڈی واسا غفران احمد نے تمام ڈائریکٹرز کو ہدایت جاری کی گئی ہے کہ وہ عیدگاہوں اور مساجد کا مکمل سروے کروائیں اور پانی کے اوور فلو سے متعلق شکایات کا فوری ازالہ کریں۔ ایم ڈی واسا نے مزید کہا کہ تمام فیلڈ دفاتر مکمل طور پر فعال رہیں گے اور عملہ مکمل طور پر متحرک ہوگا۔ ٹیوب ویلز یا مشینری میں کسی بھی خرابی کی صورت میں فوری مرمت کروانے کی ہدایت بھی جاری کی گئی ہے۔

بقیہ 6

سے پورا علاقہ منڈی کا منظر پیش کرنے لگا جبکہ گندگی، غلاظت اور بدبو سے اہل علاقہ شدید پریشانی کا شکار ہیں۔ مقامی شہریوں کا کہنا ہے کہ حکومت کی جانب سے باقاعدہ سرکاری مویشی منڈی رنیال میں قائم ہونے کے باوجود غیر قانونی طور پر شہر کے اندر بیوپاریوں کو کھلی چھوٹ دی جارہی ہے، جس سے نہ صرف صفائی کے مسائل جنم لے رہے ہیں بلکہ ٹریفک، شور شرابے اور بیماریوں کے خدشات بھی بڑھ گئے ہیں۔ شہریوں نے الزام عائد کیا ہے کہ موقع پر پیرا فورس کی گاڑی نمبری ES/504 موجود ہونے کے باوجود کسی قسم کی موثر کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی، جس پر سوالات اٹھنے لگے ہیں کہ آخر قانون صرف کاغذوں تک محدود کیوں ہو کر رہ گیا ہے؟ اہل علاقہ کا کہنا ہے کہ اگر فوری طور پر اس غیر قانونی مویشی منڈی کے خلاف کارروائی نہ کی گئی تو صورتحال مزید خراب ہو سکتی ہے۔ شہریوں نے کمشنر راولپنڈی، ضلعی انتظامیہ، پولیس حکام اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری نوٹس لیتے ہوئے تمام مال مویشی اور بیوپاریوں کو سرکاری منڈی رنیال منتقل کیا جائے تاکہ شہریوں کو بدبو، گندگی اور اذیت ناک ماحول سے نجات مل سکے۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ اگر سرکاری منڈیاں ہونے کے باوجود شہر کے اندر ہی غیر قانونی منڈیاں لگتی رہیں تو پھر قانون کی عملداری کہاں ہے؟

بقیہ 7

ہاؤسنگ سوسائٹیوں میں صفائی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ عیدالاضحیٰ پر ریلوے کالونیز، کنٹونمنٹ ایریاز میں بھی صفائی کا اہتمام کرنے کی ہدایت کی۔ پنجاب بھر میں نمایاں 2687 کمرشل مارکیٹوں کی صفائی کا خصوصی اہتمام کرنے کا حکم دیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ عیدالاضحیٰ پر صفائی کے لئے ون گورنمنٹ یونٹ بن کر کام کرنا ہے۔ اعلیٰ صفائی پر انعام اور ستائش اور شکایات پر سزا اور جزا کا عمل ہوگا۔ صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق اور سیکرٹری بلدیات میاں شکیل احمد نے بریفنگ دی۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ چاندرات کے آخری پہر، کمرشل مارکیٹوں، مرکزی شاہراہوں اور چوراہوں کی صفائی کی جائے گی۔ عیدالاضحیٰ پر باقیات اور آلائشیں ڈالنے کے لئے ڈی گریڈ ایبل شاپنگ بیگ مہیا کئے جائیں گے۔ ستھرا پنجاب عملہ ڈور ٹو ڈور کولیکشن کرے گا۔ میونسپل کارپوریشن اور تحصیلوں میں 15،15 تک اور ہر یوسی میں 4 تک اضافی لوڈر رکشے مہیا کئے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر نماز عید اجتماعات اور مساجد میں عرق گلاب سپرے کیا جائے گا۔ ستھرا پنجاب کی ٹیمیں عید سے پہلے، یوم عیدالاضحیٰ اور عید کے تیسرے روز تک متحرک ہوں گی۔ ستھرا پنجاب کی ٹیمیں صفائی سے متعلق عوامی آگاہی پیدا کرنے کے لئے رکشوں پر منادی کریں گی۔ صوبہ بھر میں عید صفائی آپریشن میں 176000 سینٹری ورکرز اور 8 ہزار سے زائد عارضی کارکن حصہ لیں گے۔ جانوروں کی باقیات اور آلائشوں کے لئے 3800 پرائمری کولیکشن سنٹر قائم کر دیئے گئے۔ 3100 ڈمپنگ سائٹس مقرر کر دی گئیں۔ صوبہ بھر میں باقیات اور آلائشوں کو تلف کرنے کے لئے 7 ہزار ڈمپنگ پوائنٹس بنائے جائیں گے۔ ڈرین کی صفائی کے لئے ڈی واٹر مشینیں، جیٹر سیٹ اور سیک شن یونٹ کی دستیابی یقینی بنائی جائے گی۔ ستھرا پنجاب عید آپریشن کے لئے صوبہ بھر میں 4500 خصوصی کیمپ قائم کئے جائیں گے۔ اجتماعی قربانی کیلئے 1200 قربان گاہوں پر صفائی کے خصوصی انتظامات ہوں گے۔ عیدالاضحیٰ ستھرا پنجاب آپریشن کے دوران صوبہ بھر میں 40 ہزار سے زائد اضافی ویہکل استعمال ہوں گی۔ عید الاضحیٰ ستھرا پنجاب آپریشن کے لئے لوڈر رکشہ منی ڈمپر، ٹریکٹر ٹرالی اور پک اپ ہائر کی جائیں گی۔ چاندرات سے قبل قبرستانوں کی خصوصی صفائی بھی کی جائے گی۔ پنجاب بھر میں 285 کیٹل مارکیٹوں اور 171 سیل پوائنٹس پر ستھرا پنجاب کی ٹیمیں صفائی کے لئے تعینات ہوں گی۔ ستھرا پنجاب کے ہیلپ لائن نمبر 1139 پر کال کرنے کی سہولت موجود ہے۔ متعلقہ ڈپٹی کمشنر، ایم ڈی واسا اور میونسپل کارپوریشن کے دفاتر میں کنٹرول روم قائم کئے جائیں گے۔ صفائی سے متعلق شکایات کے ازالے کے لئے 11 مختلف سورس سے معلومات حاصل کرنے کا نظام قائم کر دیا گیا۔ عید کے تیسرے روز تمام کولیکشن پوائنٹس اور ڈسپوزل کلیئر کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ 8

جی اور توانائی کے شعبے میں تعاون پر تبادلہ خیال ہوا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ٹیکنالوجی کی منتقلی اور صنعتی ترقی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان نے کہا کہ پاکستان اور چین کے درمیان صنعتی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے لیے چین کا دورہ کیا ہے، پاکستان میں جدید صنعتی ترقی اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ای وی انفراسٹرکچر اور سمارٹ انرجی منصوبوں پر اہم پیشرفت زیر غور آئی، چین کے صنعتی ترقیاتی ماڈل سے سیکھنے اور تعاون کے نئے امکانات تلاش کیے جارہے ہیں۔ ہارون اختر خان نے کہا کہ جانگلفا گروپ کے ساتھ تعاون سے مقامی مینوفیکچرنگ اور صنعتی ترقی کو فروغ ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور صنعتی تعاون پاکستان کی معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کریں گے، پاکستان کی صنعت جدید کاری اور مینوفیکچرنگ صلاحیتوں کے فروغ کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں۔ وفاقی وزیر رانا تنویر حسین اور معاون خصوصی ہارون اختر خان نے چانگوو کے میئر کے ساتھ بھی ملاقات کی۔

بقیہ 9

خت انصار احمد ولد اسرار احمد کے نام سے ہوئی جو اپنے والد کے ساتھ کیٹرنگ کا کام کرتا تھا۔ اہل خانہ کے مطابق انصار احمد کی چار سال قبل شادی ہوئی تھی اور اس کا تین سالہ ایک بیٹا بھی ہے۔ ہیڈ محرر ملک اتفاق کے مطابق متوفی کے اہل خانہ نے پولیس کو بتایا کہ متوفی اپنی اہلیہ کو بدھ کے روز میکے چھوڑ کر آیا تھا۔ متوفی کی بیوی کے بیان کے مطابق میاں بیوی کے درمیان کسی قسم کا جھگڑا نہیں تھا تاہم انصار احمد گزشتہ کچھ دنوں سے ذہنی دباؤ اور پریشانی کا شکار دکھائی دے رہا تھا۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ خودکشی کی حتمی وجہ تاحال سامنے نہیں آسکی جبکہ واقعے کی مختلف پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 10

انظام سے متعلق ایک نئے اقدام پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ڈائریکٹر اسٹیٹ مینجمنٹ ملیحہ ایسر نے اجلاس میں بتایا کہ یہ اقدام آر ڈی اے کی ملکیت میں موجود 13 ہاؤسنگ سکیموں میں واقع خالی پراپرٹی اور کھلی جگہوں پر محیط ہے۔ اس اقدام کے بنیادی مقاصد آر ڈی اے کی جائیدادوں کو قبضہ مافیا اور غیر قانونی تجاوزات سے بچانا، ان پراپرٹیز پر تعمیرات کر کے آر ڈی اے کے لیے مستقل آمدنی کے ذرائع پیدا کرنا اور آر ڈی اے کی موجودہ ہاؤسنگ سکیموں میں زمین کا بہتر اور موثر استعمال یقینی بنانا ہے۔ کمشنر راولپنڈی/ ڈی جی آر ڈی اے نے کہا کہ غیر استعمال شدہ اراضی کو نتیجہ خیز اور آمدنی دینے والے اثاثوں میں تبدیل کرنے کے لیے ہر ممکن اقدام کیا جائے۔ انہوں نے تمام حاضر ڈائریکٹرز کو ہدایت کی کہ وہ اس اقدام میں ڈائریکٹر اسٹیٹ مینجمنٹ کو بھرپور سہولت اور تعاون فراہم کریں۔ نیز انہوں نے ان خالی جگہوں پر تعمیرات کے لیے منصوبوں کے ڈیزائن بروقت تیار کرنے کا حکم دیا تاکہ اس منصوبے پر فوری عملدرآمد یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ 11

کر چکا ہے، اسے 2022 میں مالدیپ سے بھی ڈی پورٹ کیا جاچکا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ مسافر کے موبائل فون سے آسٹریلیا میں سیاسی پناہ اور ہم جنس پرستی سے متعلق مواد ملا ہے۔ ملزم نے اعترافی بیان میں کہا ہے کہ ایک آسٹریلوی شہری اپریل 2026 میں پاکستان آیا تھا جس سے ہم جنس شادی کا معاہدہ کیا تھا۔ ملزم نے بتایا ہے کہ آسٹریلوی شہری اسٹیون کرسٹوفر کو معاملات کے لیے 40 لاکھ روپے ادا کیے تھے۔

بقیہ 12

میں گائے، بیل، بکرے اور دیگر قربانی کے جانوروں کی بڑی تعداد موجود ہے، جنہیں بیوپاریوں نے خاص طور پر اچھی خوراک دے کر تیار کیا ہے تاکہ بہتر قیمت حاصل کی جاسکے۔ دوسری جانب جانور خریدنے کے لیے آنے والے شہریوں کا کہنا ہے کہ اس سال قیمتیں گزشتہ سال کے مقابلے میں بہت زیادہ ہیں، جس کے باعث عام آدمی کے لیے قربانی کا جانور خریدنا مشکل ہو گیا ہے۔ شہریوں نے شکایت کی کہ مہنگائی پہلے ہی عروج پر ہے اور اب جانوروں کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے ان کی مشکلات میں مزید اضافہ کردیا ہے۔ بیوپاریوں کا مؤقف ہے کہ چارے کی قیمتوں، ٹرانسپورٹ اخراجات اور دیگر لاگت میں اضافے کے باعث وہ مہنگے داموں جانور فروخت کرنے پر مجبور ہیں۔ انتظامیہ کی جانب سے منڈی میں سیکیورٹی اور بنیادی سہولیات کے انتظامات کیے گئے ہیں تاکہ خریداروں اور بیوپاریوں کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ 13

تعیناتی کا ایک سال مکمل ہونے کے موقع پر پروفیسرز اور انتظامی ڈاکٹرز کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ٹیم ورک اور باہمی ہم آہنگی ہی کامیابی کی اصل کنجی ہے، باہمی تعاون سے ہی ہم تمام چیلنجز پر قابو پا سکتے ہیں، اس لیے تمام ہیلتھ پروفیشنلز کو مریضوں کی بہترین خدمت کو اپنا سب سے بڑا مشن بنانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اداروں میں میرٹ، شفافیت، بائیومیٹرک حاضری، مؤثر مانیٹرنگ اور فیڈ بیک سسٹم کو مضبوط بنا کر ورکنگ ماحول کو بہتر بنایا گیا ہے۔ سفارش کلچر کے مکمل خاتمے اور زیرو ٹالرینس پالیسی کے سخت نفاذ سے نظم و ضبط میں نمایاں بہتری آئی ہے۔ پروفیسر فاروق افضل نے مزید بتایا کہ جدید طبی آلات کی تنصیب، شعبہ جات کی اپ گریڈیشن، مریضوں کو ادویات اور تشخیصی سہولیات کی فوری فراہمی، آؤٹ ڈور کے اوقات کار میں اضافہ، فیکلٹی ڈویلپمنٹ پروگرام، گرینڈ کلینیکل لیکچرز، منتھلی ٹیچر، جدید ورکشاپس، نرسنگ اور الائیڈ ہیلتھ سٹاف کی پیشہ ورانہ تربیت، تاریخی لیکچر تھیٹرز کی جدید تزئین اور انہیں ابن سینا، الرازی اور الزہراوی کے ناموں سے منسوب کرنا، پین مینجمنٹ کلینک، جدید واٹر فلٹریشن پلانٹس اور سرسبز ماحول کی فراہمی جیسے اہم اقدامات کیے گئے۔ پرنسپل اے ایم سی کے مطابق حکومت پنجاب کے ہیلتھ ویژن کے تحت لاہور جنرل ہسپتال میں پاکستان کا پہلا پیڈیاٹرک سٹروک سینٹر بھی قائم کیا گیا ہے۔ پروفیسر فاروق افضل نے عزم کا اظہار کیا کہ معیار، تحقیق، نظم و ضبط اور انسانیت کی خدمت کے سفر کو مزید تیز کیا جائے گا تاکہ امیر الدین میڈیکل کالج، پی جی ایم آئی اور جنرل ہسپتال کو قومی اور بین الاقوامی سطح پر ایک مثالی طبی و تعلیمی ادارہ بنایا جاسکے۔ اجلاس کے اختتام پر فیکلٹی ممبران اور انتظامیہ نے کیک کاٹا اور ادارے کی ترقی اور مریضوں کی خدمت کے مشن کو مزید موثر بنانے کا عزم کیا۔

بقیہ 14

پارٹی ویژن اور منشور کے بارے میں لوگوں کو آگاہی دی۔ چیئرمین خواجہ خاقان وحید اسلام آباد کے لوگوں کے لیے صحت، تعلیم، روزگار اور ٹیکنیکل ٹریننگ کے لیے جو فلاحی خدمات سرانجام دے رہے ہیں، ان کے بارے میں تفصیل سے بتایا گیا۔ لوگوں نے سیدہ فردوس کی گفتگو کو بہت پسند کیا اور راول فاؤنڈیشن کے ممبر بننے کا وعدہ کیا۔ اسی موقع پر کافی تعداد میں خواتین نے راول فاؤنڈیشن کی ممبر شپ اور ہیلتھ کارڈ حاصل کرنے میں دلچسپی ظاہر کی۔ کارنر میٹنگ کے انتظامات میں ثمینہ، صائمہ اور نوید نے اہم کردار ادا کیا۔ سیدہ فردوس نے پارٹی کی طرف سے، راول فاؤنڈیشن کی طرف سے اور چیئرمین خواجہ خاقان وحید کی طرف سے ان کا دل سے شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے اپنے گھر میں میزبانی کی اور وقت دیا۔ اہلِ علاقہ نے خاقان وحید خواجہ کے فلاحی کاموں کو سراہا اور کہا کہ ان کی دھوم شریف آباد تک پہنچ چکی ہے۔ ان شاءاللہ عید کے بعد راول فاؤنڈیشن کے ممبر بننے والی خواتین کے ہیلتھ کارڈ بنا کر ان کی دہلیز تک پہنچائے جائیں گے۔

بقیہ 15

بھی بنے انہوں نے 1970 میں پیپلز پارٹی کے ٹکٹ پر قومی اسمبلی کا الیکشن لڑا اور کامیاب ہوئے ان کا شمار ذوالفقار علی بھٹو کے قریبی ساتھیوں میں ہوتا تھا۔ حاکم علی زرداری 1988 اور 1993 میں ممبر قومی اسمبلی بنے 1988 میں محترمہ بے نظیر بھٹو شہید کے دورِ حکومت میں حاکم علی زرداری پبلک اکاؤنٹ کمیٹی کے چیئرمین بنے۔ سابق صدر پرویز مشرف کے دور حکومت میں انہیں جیل بھجوا دیا گیا بعد ازاں علالت کے باعث انہیں پمز اسلام آباد میں داخل کروا دیا گیا جہاں وہ 24 مئی 2011 کو 81 برس کی عمر میں انتقال کر گئے۔

بقیہ 16

نے سے کھریلو صارفین کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑا جبکہ ناشتہ تیار نہ ہونے پر شہریوں کی بڑی تعداد ہوٹلوں اور ناشتے کی دکانوں پر پہنچ گئی، جہاں غیر معمولی رش دیکھنے میں آیا۔ شہریوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ سوئی گیس کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا نوٹس لے کر صورتحال بہتر بنائی جائے۔

بقیہ 17

ترین ریسنگ والے جانداروں میں سے ایک ہے۔ ماہرین کے مطابق یہ لگ بھگ 21 کروڑ سال قبل وجود میں آیا تھا۔ اس کی اوسط عمر بہت طویل ہوتی ہے اور عام طور پر ایک کچھوے کی عمر 30 تا 50 برس تک ہوتی ہے جبکہ بعض کچھوے سو سال کی عمر بھی پاتے ہیں۔ سمندری کچھوں میں سب سے طویل العمری کا ریکارڈ 152 سال ہے۔ انٹارکٹکا کے علاوہ کچھوا دنیا کے تمام براعظموں میں پایا جاتا ہے۔ کچھوے انتہائی سرد موسم میں زندہ نہیں رہ سکتے ہیں یہی وجہ ہے کہ یہ برفیلے علاقوں میں نہیں پائے جاتے بدقسمتی سے اس وقت کچھوں کی زیادہ تر اقسام معدومی کے خطرے سے دوچار ہیں۔ عالمی ادارہ برائے تحفظ فطرت (آئی یو سی این) کے مطابق دنیا بھر میں کچھوں کی 300 میں سے 129 اقسام اپنی بقا کیلئے جدوجہد کر رہی ہیں اور یہ اقسام معمولی یا شدید قسم کے خطرات سے دوچار ہیں۔ کچھوں کی ممکنہ معدومی اور ان کی آبادی میں کمی کی وجوہات ان کا بے دریغ شکار، غیر قانونی تجارت اور ان کی پناہ گاہوں میں کمی واقع ہونا ہے۔ اس دن کی مناسبت سے سرکاری و غیر سرکاری اداروں کے زیر اہتمام مختلف تقریبات میں کچھوں کی معدومی کے حوالہ سے آگاہی فراہم کی جائے گی۔

بقیہ 18

یب میں گرمائی سیزن کے آغاز سے قبل ایک منظم اور مربوط ٹریفک پلان جاری کر دیا۔ چیف ٹریفک آفیسر مری نے پریس کلب مری میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ مری میں ملک بھر سے آنے والے سیاح حضرات کی سہولت کے لئے ٹریفک پولیس کی اضافی نفری تعینات کر دی گئی ہے 220 سے زائد ٹریفک سٹاف اپنے فرائض منصبی سر انجام دیں گے۔ ضلع مری میں ٹریفک کے بہتر انداز سے رواں دواں رکھنے کے لئے مری سٹی کی پانچ روڈز کو ون وے قرار دے دیا گیا ہے اور مال روڈ مری کو تمام ٹریفک کے لئے مکمل طور پر بند کر دیا گیا ہے۔ اور مری شہر میں ہیوی گاڑیوں کے داخلے پر صبح 7 بجے سے لیکر رات 12 بجے تک مکمل پابندی ہو گی۔ فوڈز اور واٹر سپلائی کرنے والی ہیوی گاڑیوں کو رات 12 بجے سے لیکر صبح 7 بجے تک اجازت ہو گی۔ چیف ٹریفک آفیسر مری منیر احمد ہاشمی نے دوسری جانب یہ بھی کہا کہ ضلع مری کی اہمیت کو دیکھتے ہوئے تین سرکل اور پانچ سیکٹر میں تقسیم کر دیا گیا ہے اس تمام ڈیوٹی کی سپرویژن ٹریفک آفیسر مری سہیل شہزاد کریں گے۔ چیف ٹریفک آفیسر مری نے بتایا ہے کہ عیدالاضحیٰ تعطیلات اور گرمائی سیزن کے دوران مری میں کسی بھی صورت نو پارکنگ ایریاء میں اپنی گاڑی کھڑی نہ کریں صرف مختص شدہ جگہ پر اپنی گاڑیاں پارک کریں مری شہر کے تمام چوک کو نو پارکنگ زون بنا دیا گیا ہے اس کی پابندی کرانے کے لئے فورک لفٹر تعینات کر دیئے ہیں۔ ون وے کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہ کی جائے گی ون وے کی سختی سے پابندی کریں خلاف ورزی کرنے والے کے

ٹرانسفارمر جلنے سے گاؤں میں کرنٹ پھیل گیا، 2 جاں بحق

واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیمیں اور ضلعی انتظامیہ فوری طور پر موقع پر پہنچیں، ڈپٹی کمشنر بٹ گرام کا بیان

کرنٹ لگنے سے زخمی ہونے والے تمام افراد کو فوری طور پر قریبی اسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں طبی امداد فراہم کی جا رہی

بٹگرام (اے ایف پی) خیبر پختونخوا کے ضلع بٹگرام کی تحصیل آلائی میں ایک ٹرانسفارمر جلنے کے بعد پورے گاؤں میں کرنٹ پھیل گیا جس کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہو گئے۔ کرنٹ پھیلنے کی وجہ سے گاؤں کے 4 گھروں میں اچانک آگ بھی بھڑک اٹھی۔ ڈپٹی کمشنر بٹگرام کے مطابق واقعے (بقیہ نمبر 56)

موجودہ نظام پر مافیاز کا مکمل قبضہ ہے، جاوید قصوری

آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ، مافیا نے غریب عوام سے دو وقت کی روٹی بھی چھین لی

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ ملک میں مہنگائی، ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے نے غریب اور متوسط طبقے سے دو وقت کی روٹی بھی (بقیہ نمبر 57)

صوبائی وزیر چوہدری شافع حسین پاکستان اور ویتنام کی فرنیچر انڈسٹری میں تعاون کے حوالے سے مشترکہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعظم سے پرنس رحیم آغا خان پنجم کی ملاقات

پرنس رحیم آغا نے پاکستان میں اپنے پرتپاک استقبال پر وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے امن، استحکام اور حکومتوں و بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ تعمیری روابط کے فروغ کیلئے پرنس رحیم آغا خان پنجم کے کردار کو سراہتے ہوئے اعلیٰ مقاصد کیلئے پاکستان کے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے جمعرات کو یہاں پرنس رحیم آغا خان پنجم کے پہلے سرکاری دورہ پاکستان (بقیہ نمبر 32)

غزہ میں صحت کی صورتحال مسلسل ابتر ہو رہی ہے، ہیومن رائٹس واچ

غزہ (اے ایف پی) انسانی حقوق کی تنظیم ہیومن رائٹس واچ نے کہا ہے کہ غزہ کی پٹی میں فلسطینیوں کو زندہ رکھنے کے لیے قائم انسانی انفراسٹرکچر کو اب بھی شدید خطرات لاحق ہیں حالانکہ اکتوبر 2025ء میں طے (بقیہ نمبر 34)

بھارت دہشتگردی برآمد کرتا ہے، صائمہ سلیم

بھارت میں مسلمانوں سمیت اقلیتوں پر ظلم معمول ہے، پاکستانی قونصلر

نیویارک (اے ایف پی) اقوام متحدہ میں پاکستانی قونصلر صائمہ سلیم نے کہا ہے کہ بھارت دہشت گردی برآمد کرتا ہے، افغان سرزمین سے حملوں کی منصوبہ بندی اور سہولت کاری ہوئی، طالبان حکومت کے الزامات گمراہ کن مہم کا حصہ ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں مباحثے کے دوران کیا۔ صائمہ سلیم نے کہا کہ مقبوضہ (بقیہ نمبر 33)

امریکی بحریہ کا ایرانی پرچم بردار بحری جہاز کے خلاف کارروائی کا دعویٰ

واشنگٹن (اے ایف پی) امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹ کام) نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکی افواج نے ایرانی پرچم بردار ایک آئل ٹینکر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے اسے (بقیہ نمبر 35)

امریکا کی ایران کو اثاثے بحال، یورینیم افزودگی کی پیشکش

آبنائے ہرمز کھولنے، یورینیم بیرونِ ملک منتقل کرنے اور جوہری تنصیبات محدود کرنے کی تجاویز بھی شامل ہیں

اس پیکیج کے تحت ایران کے منجمد اثاثوں کا 25 فیصد، یعنی تقریباً 25 ارب ڈالر جاری کرنے کی تجویز بھی دی گئی

واشنگٹن (اے ایف پی) امریکا نے ایران کو 25 ارب ڈالر کے اثاثوں کی واپسی اور 3.67 فی صد یورینیم افزودگی کی پیش کش کر دی۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق ایرانی سیاسی مبصر علی گولہا کی نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکا نے ایران کو ایک جامع پیکیج پیش کیا ہے جس میں متعدد اہم تجاویز شامل ہیں۔ ایکس پر بیان (بقیہ نمبر 31)

ANF کارروائیاں، 200 کلو زائد منشیات برآمد

لاہور، پشاور، اسلام آباد، سیالکوٹ اور کراچی میں چھاپے، اسلحہ بھی برآمد

لاہور (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس نے 7 کارروائیوں میں 200.81 کلو منشیات برآمد کرتے ہوئے نائجیرین خاتون اور مرد سمیت 7 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق کارروائیاں لاہور، کال شاہ کاکو، پشاور، اسلام آباد، سیالکوٹ (بقیہ نمبر 9 5)

سیشن جج نارووال عارف حمید ضلعی کریمینل جسٹس کوآرڈینیشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ کریمینل جسٹس کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس

مقدمات کے چالان جلد از جلد متعلقہ کورٹس میں جمع کروائیں، سیشن جج

نارووال (این این آئی) ڈسٹرکٹ کریمینل جسٹس کوآرڈینیشن کمیٹی نارووال کا اجلاس ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس نارووال میں منعقد ہوا، ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نارووال محمد عارف حمید شیخ نے اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں معزز جج صاحبان کے علاوہ اے ڈی سی آر میڈم سارا لونی، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ملک محمد نوید ملک سمیت مختلف محکموں کے (بقیہ نمبر 51)

ڈکیتی واردات، 40 تولے سونا، لاکھوں نقدی لوٹ لی

دو ڈاکوؤں نے اہلخانہ کو یرغمال بنا لیا واردات کے بعد فرار، پولیس کی تفتیش جاری

لاہور (این این آئی) کاہنہ میں ایک گھر میں ڈکیتی کی بڑی واردات پیش آئی جہاں دو مسلح ڈاکو اہلخانہ کو یرغمال بنا کر 40 تولے سونا اور لاکھوں روپے نقدی لوٹ کر فرار ہو گئے۔ پولیس کے مطابق واردات کا مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی گئی ہے جبکہ ملزمان کی تلاش کیلئے مختلف پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق د (بقیہ نمبر 52)

مسلمان قبائل گجر بکروالوں کے گھروں کی مسماری مہم تیز

قبائلی برادری بار بار بے دخلی اور مسماری کے ڈر سے خوف میں زندگی گزارنے پر مجبور

سری نگر (اے ایف پی) مقبوضہ جموں و کشمیر میں قابض بھارتی انتظامیہ کی طرف سے مسلمان قبائل گجر بکروالوں کے گھروں کی مسماری مہم تیز ہو گئی ہے جموں کے علاقے سدھرا (رائیکا بانڈی) میں 32 رہائشی ڈھانچے مسمار کر دیے گئے ہیں اس کارروائی نے علاقے میں بڑے پیمانے پر غم و غصے کو جنم دیا ہے۔ انتظامیہ نے جموں خطے کے علاقے (بقیہ نمبر 37)

ایران کو طاقت کے ذریعے مجبور کرنا خوش فہمی، مسعود

ایران نے اپنے وعدوں پر مسلسل عمل کیا، جنگ روکنے کیلئے تمام آپشنز تلاش کیے

تہران (اے ایف پی) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے لکھا کہ ایران کو طاقت کے ذریعے ہتھیار ڈالنے پر مجبور کرنا محض ایک خوش فہمی ہے۔ انہوں نے یہ بات سوشل نیٹ ورک ایکس پر اپنے ایک پیغام میں کہی۔ ایرانی صدر نے لکھا کہ ایران نے اپنے وعدوں پر مسلسل عمل کیا ہے اور جنگ کو روکنے کے لیے تمام آپشنز تلاش کیے ہیں، ہماری طرف سے تمام راستے کھلے ہیں۔ انہوں نے لکھا کہ 'ایران کو طاقت کے ذریعے ہتھیار ڈالنے پر مجبور کرنا ایک فریب سے زیادہ کچھ نہیں ہے۔ سفارت کاری میں باہمی احترام جنگ سے زیادہ دانشمندانہ، محفوظ اور زیادہ پائیدار ہے۔' مسعود پزشکیان کا بیان امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اس بیان کے بعد سامنے آیا جس میں ٹرمپ نے خبردار کیا تھا کہ ایران کے ساتھ مذاکرات آخری مراحل میں ہیں تاہم اگر تہران معاہدے پر رضامند نہیں ہوا تو مزید حملے کیے جائیں گے۔

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

پاکستان کویت کا میری ٹائم سیکٹر میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چودھری سے کویتی سفیر ناصر عبدالرحمٰن جاسر المطیری نے ملاقات کی

پاکستان میں انرجی سٹوریج قائم کرنے کے منصوبے پر کام جاری، کویتی سفیر کی پاکستان کے بحری، توانائی منصوبوں میں دلچسپی

کراچی (اے ایف پی) پاکستان اور کویت کے درمیان میری ٹائم سیکٹر میں تعاون بڑھانے پر اتفاق ہوا ہے۔ وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چودھری سے کویتی سفیر ناصر عبدالرحمٰن جاسر المطیری نے ملاقات کی جس میں انرجی سٹی اور بندرگاہی انفراسٹرکچر منصوبوں میں تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ جنید انوار (بقیہ نمبر 40)

17 سالہ لڑکی کو زبردستی والد کیساتھ نہیں بھیجا جا سکتا

لڑکی کو دارالامان سے رہا کر کے اس کی مرضی کی جگہ رہنے دیا جائے، عدالتی فیصلہ

لاہور (اے ایف پی) لاہور ہائی کورٹ ملتان بینچ نے 17 سالہ لڑکی کی بازیابی سے متعلق درخواست پر فیصلہ جاری کر دیا، 9 صفحات پر مشتمل عدالتی فیصلے میں قرار دیا گیا ہے کہ 15 سال سے زائد عمر کا بچہ اگر اپنی مرضی سے کسی کے ساتھ رہ رہا ہو تو اسے (بقیہ نمبر 41)

ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز ڈاکٹر سمیع اللہ ہسپتال دورہ کے موقع پر ملازمین کی حاضری چیک کر رہے ہیں

ملک بھر سے 60 پروازیں منسوخ، 14 میں غیر معمولی تاخیر

کراچی (اے ایف پی) ملک بھر سے جمعرات کو 60 پروازیں منسوخ ہو گئیں جبکہ 14 غیر معمولی تاخیر کا شکار ہوئیں۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق کراچی سے جدہ، دوحہ، دبئی، شارجہ، مدینہ منورہ، نجف اور ابوظہبی کی 24 پروازیں منسوخ ہو گئیں۔ لاہور سے دمام، دبئی، جدہ اور کویت کی 19 پروازیں منسوخ ہو گئیں۔ اسلام آباد سے جدہ، ریاض، تہران، دبئی (بقیہ نمبر 48)

جے یو آئی کا آج مہنگائی کیخلاف مظاہروں کا اعلان

مولانا فضل الرحمٰن کی اپیل پر آج جمعہ قوم مہنگائی کے خلاف میدان میں نکلے گی

لاہور (این این آئی) جمعیت علماء اسلام نے مہنگائی کے خلاف آج بروز جمعہ کو صوبے بھر میں مظاہروں کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبہ بھر میں ضلعی و تحصیل ہیڈکوارٹرز میں احتجاجی مظاہرے ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار جے یو آئی پنجاب کے قائم مقام امیر مولانا صفی اللہ، سیکرٹری جنرل حافظ نصیر احمد احرار اور صوبائی ترجمان حافظ غضنفر عزیز نے (بقیہ نمبر 42)

جعلی نوٹوں سے جانور خریدنے والا نیٹ ورک متحرک، ملزم گرفتار

لاہور (اے ایف پی) ملک میں عیدالاضحیٰ کے قریب آتے اور قربانی کے جانوروں کی خریداری کا رجحان بڑھنے کے ساتھ ساتھ متعلقہ جرائم بھی بڑھ رہے ہیں۔ پولیس کے مطابق لاہور میں شاہدرہ ٹاؤن کے علاقے میں (بقیہ نمبر 43)

ملازمین کو مستقل نہ کرنے پر چیئرمین کو شوکاز نوٹس جاری

پرانے ملازمین کو مستقل کرنے کے بجائے کے پی ٹی نے نئی بھرتیوں کا اشتہار دیا

کراچی (اے ایف پی) سندھ ہائیکورٹ کے آئینی بینچ میں ملازمین کو مستقل نہ کرنے پر چیئرمین کے پی ٹی کے خلاف توہینِ عدالت کی درخواست پر سماعت کے دوران عدالت نے چیئرمین کے پی ٹی شاہد احمد کو شوکاز نوٹس جاری کرتے ہوئے 25 مئی کو ذاتی حیثیت میں طلب کر لیا۔ کیس کی پیروی کیلئے کے پی ٹی کے وکیل کی عدم پیشی پر عدالت نے (بقیہ نمبر 45)

قتل کا الزام، کیوبا کے سابق صدر راؤل کاسترو پر فرد جرم عائد

واشنگٹن (اے ایف پی) امریکا نے کیوبا کے سابق صدر راؤل کاسترو پر قتل کے الزام میں فرد جرم عائد کر دی۔ امریکی حکام کے مطابق امریکی قائم مقام اٹارنی جنرل کا راؤل (بقیہ نمبر 44)

26 نومبر احتجاج، پی ٹی آئی اراکین اسمبلی رہنماؤں کو طلبی

پی ٹی آئی رہنماؤں کیخلاف 26 نومبر، سپریم کورٹ و دیگر احتجاجوں پر درج مقدمات میں 243 ضمانت کی درخواستوں پر سماعت

واضح رہے کہ پی ٹی آئی رہنماؤں کیخلاف تھانہ کوہسار، کھنہ، ترنول، کراچی کمپنی، سیکرٹریٹ و دیگر میں مقدمات درج ہیں

اسلام آباد (اے ایف پی) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے مختلف مقدمات میں پی ٹی آئی ارکان اسمبلی اور رہنماؤں کو 23 جولائی تک گرفتار نہ کرنے کا حکم دیا ہے۔ انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد میں پی ٹی آئی رہنماؤں کیخلاف 26 نومبر، سپریم کورٹ و دیگر احتجاجوں پر درج مقدمات (بقیہ نمبر 47)

پاکستان بنگلا دیشی طلبہ کو 500 اسکالرشپس فراہم کریگا

پاکستان بنگلا دیش نالج کوریڈور کا دوسرا مرحلہ 10 مئی کو ڈھاکہ میں شروع کیا گیا

اسلام آباد (اے ایف پی) پاکستان کی نے آئندہ پانچ برسوں میں بنگلا دیشی طلبہ کو 500 اسکالرشپس فراہم کرنیکا اعلان کیا ہے۔ دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا ہے کہ وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے اگست 2025 کے دورہ بنگلا دیش (بقیہ نمبر 46)